آڈٹ بیوروآف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ
Daily SHAL Quetta
شال کوئٹہ
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 27 اکتوبر 2020ء بمطابق 09 ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 291

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

| | |
|---|---|
| فجر | 4:24 |
| ظہر | 2:00 |
| عصر | 5:45 |
| مغرب | 7:12 |
| عشاء | 08:45 |

| اہل تشیع | | |
|---|---|---|
| | فجر صبح | 04:15 |
| | ظہرین | 01:00 |
| | مغربین | 07:27 |

# خطے کا مستقبل پاکستان اور افغانستان کے امن میں ہے، وزیراعظم

ہماری بدقسمتی ہے افغانستان میں 40 سال سے انتشار ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان پاکستان کو ہوا ہے، 72 سالوں میں بھارت میں مسلمانوں سے اتنی نفرت کرنے والی حکومت نہیں آئی جتنی موجودہ حکومت کرتی ہے

افغانستان میں جو بھی حکومت ہوگی، پاکستان اس کیساتھ کام کر کے تعلقات مضبوط کریگا، دونوں ممالک میں امن کے قیام اور جہالت اور غربت کے خاتمے کے لیے مشترکہ جدوجہد کی ضرورت ہے، اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر

ہم نے بھارت سے دوستی کی بہت کوشش کی، وہ نظریاتی طور پر ہمارے خلاف ہیں، ہم پھر بھی کوششیں کرتے رہیں گے، خطے کا مستقبل پاکستان اور افغانستان کے تعلقات، تعاون اور تجارت میں ہے، عمران خان کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان نے واضح کیا ہے کہ افغانستان میں جو بھی حکومت ہوگی، پاکستان اس کیساتھ کام کر کے تعلقات مضبوط کریگا، ہماری بدقسمتی ہے افغانستان میں 40 سال سے انتشار ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان پاکستان کو ہوا ہے، 72 سالوں میں بھارت میں مسلمانوں سے اتنی نفرت کرنے والی حکومت نہیں آئی جتنی موجودہ حکومت کرتی ہے، ہم نے بھارت سے دوستی کی بہت کوشش کی، وہ نظریاتی طور پر ہمارے خلاف ہیں، ہم پھر بھی کوششیں کرتے رہیں گے، خطے کا مستقبل پاکستان اور افغانستان کے تعلقات، تعاون اور تجارت

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

سکھر، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی آئی بی اے یونیورسٹی میں طلبہ سے خطاب کر رہے ہیں

# قومی اسمبلی اجلاس: فرانس میں گستاخانہ خاکوں کیخلاف متفقہ قرارداد منظور

سینٹ کے بعد قومی اسمبلی نے فرانس میں گستاخانہ خاکوں کے خلاف متفقہ قرارداد منظور کرلی، ایوان نعرہ تکبیر سے گونج اٹھا، حکومت اور اپوزیشن کی طرف سے پیش کی گئی الگ الگ قراردادوں کو مجتمع کر کے متفقہ قرارداد وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے پیش کی

ایوان او آئی سی اور نان او آئی سی سے مطالبہ کرتا ہے وہ ایسی توہین کو روکنے کے لئے قانون سازی کرے، قرارداد ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے گستاخانہ خاکوں کی مذمت کرتے ہوئے فرانس سے سفیر واپس بلانے کا مطالبہ کردیا

دونوں جانب سے الگ الگ قرارداد پڑھ کر سنادی گئی، وفاقی وزیر اسد عمر، تحسیر کے بجائے دو حرفی بات ہونی چاہیے تھی کہ توہین ہوئی ہے، بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی روح اپوزیشن میں منتقل ہو چکی ہے اور بھارت کا بیانیہ اب اپوزیشن کا بیانیہ بن چکا ہے، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کے بعد قومی اسمبلی نے فرانس میں گستاخانہ خاکوں کے خلاف متفقہ قرارداد منظور کرلی جبکہ اجلاس کے دوران اپوزیشن اور حکومتی اراکین کے درمیان گستاخانہ خاکوں کے خلاف مذمتی قرارداد پیش کرنے پر تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، ایک دوسرے پر برس پڑے، اپوزیشن نے شاہ محمود قریشی سے معافی مانگنے کا کہہ دیا، دونوں جانب سے الگ الگ قرارداد پڑھ کر سنادی گئی وفاقی وزیر اسد عمر کی تجویز پر اتفاق رائے کیلئے اجلاس دس منٹ تک ملتوی کر تا پڑا، ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے گستاخانہ خاکوں کی مذمت کرتے ہوئے فرانس سے سفیر واپس بلانے کا مطالبہ کردیا۔ پیر کو قومی اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری کی زیر صدارت ہوا جس میں ڈپٹی اسپیکر کی جانب سے فلور شاہ محمود قریشی کو دیئے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

# عوام سے جھوٹے وعدے کرنے والوں کا جھوٹ بے نقاب ہو چکا ہے، سردار اختر مینگل

اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کا یکجاں ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اہل اقتدار کی ستم ظریفیاں اب قابل قبول نہیں رہی بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کامیاب جلسے کے انعقاد پر پی ڈی ایم کی قیادت اور بلوچستان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کا یکجاں ہونا اس بات کی واضح

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کھرمنگ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری طولتی میں کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

## بلوچستان اسمبلی میں فرانس میں گستاخانہ خاکوں کے خلاف متفقہ مذمتی قرارداد منظور کرلی گئی

دنیا کے کسی بھی حصے میں توہین مذہب کے لئے اظہار رائے کی آزادی کا سہارا لے کر طویل عرصے سے مسلمانوں کی دل آزاری کا سلسلہ جاری ہے، اراکین

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں فرانس میں گستاخانہ خاکوں کے خلاف متفقہ مذمتی قرارداد منظور کرلی گئی۔ پیر کے روز بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزراء وحکومتی اراکین میر ضیاء اللہ لانگو، میر عارف محمد حسنی، میر ظہور احمد بلیدی، نور محمد دمڑ، عبدالخالق ہزارہ، مبین خلجی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

## بلوچستان اسمبلی کے ہنگامہ خیز اجلاس میں پی ڈی ایم کے خلاف حکومتی مذمتی قرارداد شور شرابے کے دوران منظور

فرانس کے دارالخلافہ پیرس کے نواحی علاقے میں پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخانہ خاکے شائع کرنے کے خلاف ایوان کی متفقہ قرارداد منظور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے ہنگامہ خیز اجلاس میں پی ڈی ایم کے خلاف حکومتی مذمتی قرارداد شور شرابے کے دوران منظور کرلی گئی اپوزیشن کا اسپیکر ڈائس کا گھیراؤ اور شدید احتجاج جبکہ فرانس کے دارالخلافہ پیرس کے نواحی علاقے میں پیغمبر اسلام حضرت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

## بلوچستان بھر سے اہم خبریں

### وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا کورونا وائرس کا ٹیسٹ ایک بار پھر مثبت آگیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا کورونا وائرس کا ٹیسٹ ایک بار پھر مثبت آگیا

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

### کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ژلی کے مقام پر تیز رفتار مسافر وین اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر ایک شخص جاں بحق

مستونگ (این این آئی) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ژلی کے مقام پر تیز رفتار مسافر وین اور موٹر سائیکل کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

### بیلہ کے قریب ویلپٹ کے مقام پر ٹریفک حادثہ، ٹرالر کی ٹکر سے سات سالہ بچہ جاں بحق دو افراد زخمی

اوتھل (این این آئی) بیلہ کے قریب ویلپٹ کے مقام پر ٹریفک حادثہ، ٹرالر کی ٹکر سے سات سالہ بچہ جاں

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

### سبی لیویز فورس کی کامیاب کاروائی، قتل میں ملوث ملزم گرفتار

سبی (این این آئی) سبی لیویز فورس کی کامیاب کاروائی، قتل میں ملوث ملزم گرفتار، ملزم تین سال سے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

## ملک بھر سے اہم خبریں

### پی ڈی ایم سرکس نے کوئٹہ جلسے میں عزائم دکھا دیئے ہیں، ان کا اصل ہدف مال بچانا اور ریاست کو بلیک میل کرنا ہے، علی زیدی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم سرکس نے کوئٹہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

### سٹاک مارکیٹ میں تیزی اور روپے کی قدر میں اضافہ ہوا ہے، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ اسٹاک مارکیٹ میں تیزی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

### جعلی لیڈر آج مسیحائی کے دعویدار بن رہے ہیں، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ شہباز گل نے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

### سندھ پیرا میڈیکل اسٹاف کے وفد کی صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات

کراچی (این این آئی) سندھ پیرامیڈیکل اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے وفد کی مرکزی صدر

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

### وزیروں کی طرح مشیروں اور معاونین خصوصی کے حلف اٹھانے کا بل سینٹ میں پیش، مخالفت نہ کرنے پر بل متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوادیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیروں کی طرح مشیروں اور معاونین خصوصی کے حلف اٹھانے اور زینب الرٹ ترمیمی بل کے بل سینٹ میں پیش، حکومت کی جانب سے مخالفت نہ کرنے پر بل متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔ پیر کو سینیٹر سراج الحق نے بل ایوان میں پیش کیا۔ سراج الحق نے کہا کہ وزیروں کی طرح باقی مشیران کو

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر ایئر کموڈور قیوم کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

### بی این پی کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس بروز جمعرات 29 اکتوبر صبح 10 بجے کوئٹہ میں پارٹی کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل کے زیر صدارت میں ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے جاری کردہ مرکزی اعلامیہ کے مطابق پارٹی کے مرکزی کمیٹی کا اجلاس جو کہ 27 اکتوبر کو ہونا تھا چند ناگزیر وجوہات کے بنا پر اب اجلاس 2020/10/29 بروز جمعرات صبح 10 بجے کوئٹہ میں بی این پی کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل کے زیر صدارت میں ہوگا اجلاس

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

### چیئرمین نیب کی زیر صدارت اجلاس، نیب کی فورنزک سائنس لیبارٹری کو مزید فعال بنانے کا فیصلہ

میگا کرپشن اور وائٹ کالر کرائم کے مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، چیئرمین نیب

نیب افسران کو اپنی تمام توانائیاں تحقیقات کو میرٹ، شفافیت اور قانون کے مطابق بلاتفریق منطقی انجام تک پہنچانی چاہیے، جسٹس جاوید اقبال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیب جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کی زیر صدارت اجلاس میں نیب کی فورنزک سائنس لیبارٹری کو مزید فعال بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پیر کو قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس جاوید اقبال کی صدارت میں نیب میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں حسین اصغر، ڈپٹی چیئرمین نیب، سید اصغر حیدر، پراسیکیوٹر جنرل اکاؤنٹیبلٹی، ظاہر شاہ، ڈی جی آپریشنز نیب جبکہ نیب کے تمام علاقائی بیوروز کے ڈائریکٹرز جنرلز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

# ن لیگ کے وزیراعلیٰ کی حکومت کسی نے نہیں گرائی خود استعفیٰ دیا تھا، وزیراعلیٰ بلوچستان

جنرل باجوہ بلوچستان عوامی پارٹی سمیت دیگر لوگوں کو کیوں موردِ الزام ٹھہرایا جارہا ہے

بے حرمتی کرنے اور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت سے سینکڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ اس بلاجواز حرکت کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے وزیراعلیٰ کی حکومت کسی نے نہیں گرائی بلکہ انہوں نے خود استعفیٰ دیا تھا، جنرل باجوہ بلوچستان عوامی پارٹی اور دیگر لوگوں کو اس حوالے سے کیوں موردِ الزام ٹھہرایا جارہا ہے۔ یہ بات پیر کو وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے اپنے ایک ٹویٹ میں سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری کے استعفے کی تصویر شامل کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ جنرل باجوہ بلوچستان عوامی پارٹی سمیت دیگر لوگوں کو کیوں موردِ الزام ٹھہرایا جارہا ہے کہ جب 2018 میں مسلم لیگ (ن) کے وزیراعلیٰ نے خود اپنے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

### جزائر پر صدارتی آرڈیننس حرف آخر نہیں، ترمیم کی جاسکتی ہے، اٹارنی جنرل آف پاکستان

سندھ ہائی کورٹ نے جزائر کے حوالے سے دائر درخواست پر اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو نوٹس جاری کر دیے

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں سندھ کے جزائر کا انتظام وفاق کو دینے اور آرڈیننس کا تنازعہ، عدالت نے نئی درخواست پر اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو نوٹس جاری کر دیے، جبکہ اٹارنی جنرل پاکستان نے دلائل دیے کہ صدارتی آرڈیننس

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

# ہر یونین کونسل کی سطح پر بنیادی صحت کے ادارہ کا قیام اشد ضروری ہے، گورنر بلوچستان

موجودہ حکومت صوبہ بھر کے عوام کو تمام طبی سہولیات انکی دہلیز پر پہنچانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے مگر ابھی طویل سفر طے کرنا باقی ہے

سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار اور ترقی یافتہ دور میں ماؤں اور نوزائیدہ بچوں کی بلند شرح اموات باعثِ تشویش ہے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صوبہ بھر کے عوام کو تمام طبی سہولیات انکی دہلیز پر پہنچانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے مگر ابھی طویل سفر طے کرنا باقی ہے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار اور ترقی یافتہ دور میں ماؤں اور نوزائیدہ بچوں کی بلند شرح اموات باعثِ تشویش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن، بلوچستان چیپٹر کے اجراء کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے وائس چانسلر اور پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن کے صدر جاوید اکرم، بولان میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر نقیب اللہ اچکزئی اور پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن بلوچستان چیپٹر کے صدر ڈاکٹر عبدالباقی درانی کے علاوہ پی ایس آئی ایم کے نمائندے اور ڈاکٹروں کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

### کوئٹہ جلسے کے بعد قریبی ساتھیوں کو گرفتاری کی دھمکیاں دی جارہی ہیں، مریم نواز

لیگی رہنما فون کا فرانزک کرائیں گے تاکہ دھمکی دینے والوں تک پہنچا جاسکے، شہباز گل

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ کوئٹہ جلسے کے بعد ان کے قریبی ساتھیوں کو گرفتاری کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ سماجی رابطے کی سائٹ پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز نے کہا کہ میرے قریبی ساتھیوں کو نامعلوم نمبروں سے ٹیلیفون کالز کی جارہی ہیں اور انہیں کہا جارہا ہے کہ گوجرانوالہ جلسے میں خطابات کے بعد بڑے کریک ڈاؤن کے لئے تیار ہو جائیں۔ میں پاکستان کے لوگوں سے کہنا چاہتی ہوں کہ اس کے گواہ رہیں اور اسے ریکارڈ کے طور پر رکھ لیں۔ مریم نواز کی ٹویٹ پر وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے ردعمل دیتے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

# پی ڈی ایم کو حکومت کھو دینے کا غم ہے تو لوگ نیب زدہ ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

ایس او پیز کیلئے سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے ماسک تقسیم کئے نیکٹا کی جانب سے تھریٹس الرٹ کے بعد سیکورٹی انتظامات مزید سخت کئے گئے

اسکیمات گنواتے پی ڈی ایم کو حکومت کھو دینے کا غم ہے نیب زدہ ہے لوگ ہے عوام نے پہلے ہی ان کو مسترد کردیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے جلسے کی سیکورٹی کیلئے بہتر اقدامات پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے جلسے میں بلوچستان کی پسماندگی کو جواز بنا کر جذباتی تقاریر کئے گئے بہت اچھا ہوتا کہ جلسے میں شامل برسراقتدار رہنے والے جماعتیں بلوچستان میں بنائے ہوئے اسکیمات گنواتے پی ڈی ایم کو حکومت کھو دینے کا غم ہے نیب زدہ ہے لوگ ہے عوام نے پہلے ہی ان کو مسترد کردیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے جلسے کو بہترین سیکورٹی دی بلکہ ایس او پیز کیلئے سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے ماسک تقسیم کئے نیکٹا کی جانب سے تھریٹس الرٹ کے بعد سیکورٹی انتظامات مزید سخت کئے گئے جلسے کی مناسبت سے شہر کیلئے ٹریفک پلان بھی تشکیل دیا گیا تھا انہوں نے کہا کہ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو سیکورٹی کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

## جنرل قمر جاوید باجوہ کی ترکی کے وزیر دفاع سے ملاقات

آرمی چیف سے ملاقات کے دوران ترکی کے وزیر دفاع کی جانب سے علاقائی امن میں پاکستان کے کردار کو سراہا گیا

ترک وزیر دفاع کی جانب سے پاک فوج کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کوششوں کی بھی تعریف کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ترکی کے وزیر دفاع جنرل ریٹائرڈ ہلوسی آکر نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی امن استحکام اور دفاع سمیت سیکیورٹی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ انٹر پبلک سروس ریلیشن (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ترکی کے وزیر دفاع جنرل ریٹائرڈ ہلوسی آکر نے جی ایچ کیو میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی امن استحکام، ملاقات میں دفاع سمیت سیکیورٹی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

### قلات میں 29 اکتوبر کو ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا

قلات (این این آئی) قلات آل پاکستان ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن پاکستان اسلامک مشن کے تعاون سے قلات کے علاقے ملکی میں 29 اکتوبر کو ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جارہا ہے فری میڈیکل کیمپ میں ملک کے پندرہ نامور ڈاکٹر ایک ہزار مریضوں کی چیک اپ کر کے انہیں مفت دوائی فراہم

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمان ڈیرہ مراد جمالی میں مقامی قیادت سے ملاقات کر رہے ہیں

### ضلع گوادر میں پولیو کی خصوصی مہم کا ضلعی محکمہ صحت کی جانب سے آغاز کردیا گیا ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیس طارق بلوچ

گوادر (خ ن) ضلع گوادر میں پولیو کی خصوصی مہم کا ضلعی محکمہ صحت کی جانب سے آغاز کردیا گیا ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیس طارق بلوچ نے سول ہسپتال گوادر میں پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر خصوصی پولیو مہم کا افتتاح کردیا افتتاحی تقریب میں ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام فاروق ہوت، ایم

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

### صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی (آج) کورونا ہیروز وال اور قرآن گارڈن کا افتتاح کریں گے

پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوشش کرنیوالے عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں، ڈاکٹر عارف علوی

پاکستان کو معاشی طور پر دیوالیہ ہونے سے بچانے کا کریڈٹ بھی تحریک انصاف کی حکومت کو ہی جاتا ہے، گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور

لاہور (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سوموار 2 روزہ دورے پر لاہور پہنچے اور گورنر ہاؤس آمد پر گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے انکا استقبال کیا جسکے بعد صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی اور گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کی ملاقات ہوئی جبکہ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی اور گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور آج بروز (منگل) کو گورنر ہاؤس میں کورونا ہیروز وال اور قرآن گارڈن کا افتتاح کریں گے۔ ملاقات کے موقع پر صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ ملکی ترقی اور استحکام

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

# بلوچستان کو جغرافیائی لحاظ سے ایک اہم مقام حاصل ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ، سرحدیں ایران اور افغانستان کے ساتھ ملتی ہیں، صوبہ میں سیاحت کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے بہت سے ترقیاتی منصوبے زیر تعمیر ہیں

منصوبوں کی تکمیل سے صوبے میں سیاحوں کو اس علاقے کی طرف راغب کریں گے، نیشنل سیکیورٹی، وار کورس کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ صوبے کی سرحدیں ایران اور افغانستان کے ساتھ ملتی ہیں۔ یہاں بحیرہ عرب کے ساتھ ساتھ 750 کلو میٹر طویل ساحلی پٹی موجود ہے۔ گوادر بندرگاہ اسٹریٹجک اور معاشی لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ جس کے باعث صوبے کو جغرافیائی لحاظ سے ایک اہم مقام حاصل ہے۔ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے۔ اس کے علاوہ صوبہ میں ماہی گیری، سیاحت، لائیو اسٹاک کے شعبوں میں بھی کافی روشن امکانات ہیں۔ جو صوبائی اور قومی معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل سیکورٹی اور وار کورس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم،

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

### پی ڈی ایم کی تحریک عوام کی آواز ہے جسے دبایا نہیں جاسکتا، سابق وزیر مملکت برائے دفاع

سلیکٹڈ حکومت کا خاتمہ کا دن قریب آتا جارہا ہے، گستاخانہ خاکوں پر پوری قوم ایک پیج پر ہے لیکن حکومت اس کو سیاسی ایشو بنانا چاہتی ہے، بلیغ الرحمان

وہاڑی (این این آئی) سابق وزیر مملکت برائے دفاع بلیغ الرحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک عوام کی آواز ہے جسے دبایا نہیں جاسکتا، سلیکٹڈ حکومت کا خاتمہ کا دن قریب آتا جارہا ہے، گستاخانہ خاکوں پر پوری قوم ایک پیج پر ہے لیکن حکومت اس کو سیاسی ایشو بنانا چاہتی ہے۔ سابق وزیر مملکت برائے دفاع بلیغ الرحمان نے وہاڑی میں منعقدہ تقریب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک قوم کی آواز ہے اور قوم ایک پیج

بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

# پی ڈی ایم اب ملک گیر عوامی تحریک کی شکل اختیار کر چکی ہے، ڈاکٹر مالک

گوجرانوالہ اور کراچی کے بعد کوئٹہ کے عظیم الشان جلسہ عام نے سلیکٹڈ حکمرانوں اور ان کے حکومتوں پر عوامی ریفرنڈم کی تاریخ رقم کردی ہے

نیشنل پارٹی کی فکری نظریہ سیاست ہی ملک میں عوامی بالادستی کی تشکیل ہے۔ جو صرف جمہوریت کی مرہون منت ممکن ہو سکتی ہے، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ نے رخشان ریجن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم اب ملک گیر عوامی تحریک کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ گوجرانوالہ اور کراچی کے بعد کوئٹہ کے عظیم الشان جلسہ عام نے سلیکٹڈ حکمرانوں اور ان کے حکومتوں پر عوامی ریفرنڈم کی تاریخ رقم کردی ہے۔ نیشنل پارٹی کی فکری نظریہ سیاست ہی ملک میں عوامی بالادستی کی تشکیل ہے۔ جو صرف جمہوریت کی مرہون منت ممکن ہو سکتی ہے۔ رخشان ریجن کا اجلاس زیر صدارت ریجنل سیکرٹری فاروق بلوچ منعقد ہوا جس نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر میر عبدالخالق بلوچ جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ مرکزی انفارمیشن سیکرٹری ڈاکٹر اسحاق بلوچ ڈپٹی ریجنل سیکرٹری عبدالرسول بلوچ سمیت رخشان ریجن سے مرکزی کابینہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

### بچوں کی زندگی کو محفوظ رکھنے کے لئے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں، حسن وقار چیمہ

اگر کہیں کوئی بچہ یا علاقہ رہ جائے تو قریبی مرکز صحت سے رجوع کریں، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ بچوں کی زندگی کو محفوظ رکھنے کے لئے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں اگر کہیں کوئی بچہ یا علاقہ رہ جائے تو قریبی مرکز صحت سے رجوع کریں اس سلسلے میں تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہتے اور محکمہ صحت لسبیلہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول اسپتال اوتھل میں انسداد پولیو مہم کے دوران بچے کو پولیو بچاؤ کے قطرے پلانے کے افتتاح کے موقع پر

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

### بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 7 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 7 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی گئیں، پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں انجینئر زمرک خان اچکزئی، ملک نعیم بازئی، لیلیٰ ترین، عبدالرشید بلوچ، گہرام بگٹی، حاجی محمد خان طور اتمانخیل اور بانو خلیل نے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

### کسی کی جان ومال سے کھیلنے اور کسی بھی نجی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے سے گریز کریں، رحیم آغا

ڈنمارک کے خاکوں کے خلاف احتجاج کا عمل نہ دہرائیں پرامن اور مہذب طریقہ سے اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین حاجی نصر الدین کاکڑ حاجی اسلم ترین حاجی یعقوب شاہ کاکڑ احسان الدین خلجی سید محمد جان آغا درویش سید شفیع آغا حاجی عبدالقاہر ترین خان کاکڑ امر الدین آغا نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں صوبہ بھر کے تاجروں سے فرانسیسی مصنوعات کے بائیکاٹ کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز زیادہ محبوب نہیں اور مسلمان شان رسالت پر جان مال اولاد سب

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

### وزیراعظم سے حفیظ شیخ سے ملاقات، معیشت پر بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے ملاقات کی۔ پیر کو وزیراعظم عمران خان سے مشیر خزانہ حفیظ شیخ نے ملاقات کی جس میں مشیر خزانہ نے ملکی معیشت کے حوالے سے وزیراعظم کو تفصیلی بریفنگ دی۔

### سبی شہر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کا آغاز کردیا ہے، یاسر محمد خان بازئی

کارروائی سے قبل تاجر برادری کو باقاعدہ تجاوزات ہٹانے کی وارننگ دی گئی تھی، محمد اسماعیل مینگل

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر محمد خان بازئی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر سبی محمد اسماعیل مینگل نے سبی شہر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کا آغاز کردیا ہے واضح رہے کہ کارروائی سے قبل تاجر برادری کو باقاعدہ تجاوزات ہٹانے کی وارننگ دی گئی تھی کاروائی میں اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ رسالدار لیویز لائن محمد عارف مری ایڈیشنل ایس ایچ او سبی میونسپل کمیٹی کے عملے سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اہلکاران کثیر تعداد میں موجود تھے اس موقع پر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

# کوئی بھی مسلمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی برداشت نہیں کرے گا، نور محمد دمڑ

فرانس کی جانب سے گستاخانہ خاکوں کے حوالے سے پوری امت مسلمہ میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے

فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون کے غیر ذمہ دارانہ بیانات سے مسلمانوں کے جذبات مجروح کئے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، دواسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ فرانس کی جانب سے گستاخانہ خاکوں کے حوالے سے پوری امت مسلمہ میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون کے غیر ذمہ دارانہ بیانات سے مسلمانوں کے جذبات مجروح کئے جس کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی مسلمان حضرت محمد ﷺ کی شان گستاخی کو برداشت نہیں کرے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے فرانسیسی صدر کی جانب سے اسلام مخالف بیانیے اور گستاخانہ خاکوں پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کسی کو حق نہیں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

### فرانس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی گئی ہے اور خاکے شائع کئے گئے حکومت فوری طور پر فرانس کے سفیر کو ملک بدر کرنے کا اعلان کرے، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی سید عبدالقیوم آغا میر یاسین مینگل شاہجہان ترین ظفر گلستان اللہ داد اچکزئی صدیق یوسف زرہ اللہ شکور خلجی و دیگر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایک بار پھر فرانس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی گئی ہے اور خاکے شائع کئے گئے حکومت فوری طور پر فرانس کے سفیر کو ملک بدر کرنے کا اعلان کرے اور حکومت کو چاہئے کہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد: مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

www.dailyshal.com

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

# اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز: 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

27 اکتوبر 2020ء


## یہ صورتحال کہاں جائے گی

بھارتی میڈیا کے اہم نمائندہ زی نیوز نے گزشتہ روز کراچی میں گلشن اقبال کے علاقے میں ایک مکان گیس سلنڈر پھٹنے کے واقع کو سندھ پولیس افسران کے استعفےٰ کی خبر سے جوڑتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں سول وار کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے اور تین افراد ہلاک اور 15 زخمی ہوگئے ہیں انڈیا ڈاٹ کام کا کہنا ہے کہ پاک فوج اور سندھ پولیس میں تصادم شروع ہوگیا ہے۔ انڈیا ٹوڈے لکھتا ہے کہ آئی جی سندھ کے مبینہ اغوا کی خبر کے بعد پاکستان سول وار کا شکار ہوگیا ہے۔ کراچی اور پاکستان کے دیگر شہروں میں رہنے والے جانتے ہیں کہ پاکستان کے کسی بھی علاقے میں ایسی صورتحال نہیں جس کا نقشہ بھارتی صحافی اخبارات اور میڈیا چینلز کھینچ رہے ہیں۔ تاہم یہ حقیقت ہے کہ ہمارے عاقبت نااندیش سیاستدانوں نے اپنی حماقتوں سے دشمن کو پراپیگنڈا کرنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سندھ پولیس اور خود صوبائی حکومت کے تعلقات ایک عرصہ سے کشیدگی کا شکار ہیں۔ آئی جی سندھ مشتاق مہر نے کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری کے لئے دباؤ پر احتجاج کیا اور وزیر اعلیٰ سندھ نے ان سے اور دیگر پولیس افسران سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے لیکن یہ واضح نہیں کہ کیا وزیر اعلیٰ سندھ واقعتاً آئی جی سندھ کے اختیار بحال کرنے پر تیار ہوں گے۔ جنھیں ایک عرصے سے انھوں نے خود بے اثر بنا رکھا ہے۔ مشتاق مہر کی انفرادی صنعت پیپلز پارٹی کے رہنما آصف زرداری سے ان کے قریبی تعلقات ہیں۔ خاص طور سے منی لانڈرنگ کیس میں انھوں نے گوایان پر دباؤ ڈالنے میں جو متحرک کردار ادا کیا ہے اسے فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے باوجود وزیر علی مراد علی شاہ کے مشتاق مہر کے ساتھ مراسم معمول کے مطابق نہیں رہے ہیں۔ اور انھوں نے ایک ایس ایس پی فرخ بشیر کو اپنے پی ایس او مقرر کر کے سندھ پولیس کو انہی کے ذریعہ چلانے شروع کیا ہے۔ یہ مسائل ظاہر کرتے ہیں کہ سندھ پولیس کے معاملات اتنے سادہ نہیں جتنے نظر آرہے ہیں۔ بہر حال تفصیلی اور ہر پہلو سے انکوائری ہو تو سود مند ہوسکتی ہے۔ جہاں تک جزائر پر عملدامد کا معاملہ ہے تو اصولی طور پر سندھ حکومت کے موقف سے اختلاف نہیں کیا جاسکتا لیکن سندھ کی زمین جس طرح کوڑیوں کے بھاؤ ملک ریاض کو دی گئی ہیں اس پر بھی صوبائی حقوق کے علمبرداروں کو کچھ آواز اٹھاتی چاہتے۔ بہر حال ان معاملات کو سندھ اور وفاق کے درمیان ٹکراؤ کا باعث ہونے کا کوئی جواز نہیں۔

## کشمیریوں پر بھارتی جبر

محمد مظہر رشید چودھری

27 اکتوبر 1947 تاریخ کا سیاہ ترین دن جب بھارت نے وادی کشمیر میں اپنی فوجی دستے بھیج کر اپنا تسلط قائم کیا بھارت نے کشمیریوں پر ظلم و ستم ڈھا کر وادی کے ایک بڑے حصے پر گزشتہ 73 سال سے قبضہ کر رکھا ہے، 27 اکتوبر کو ہر سال کشمیری، اقوام متحدہ کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں استصواب رائے کا وعدہ پورا کرنے کی یاد دلاتے ہیں، 5 اگست 2019 میں بھارت کی حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی نے مقبوضہ کشمیر کو خصوصی حیثیت دینے والے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کو ختم کر کے جموں و کشمیر اور لداخ کو یونین ٹیریٹری بنا کر زبردستی بھارت کا حصہ بنا دیا گزشتہ سال 5 اگست 2019 کو بھارت نے آرٹیکل 370 کو منسوخ کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کے حریت پسند گروپوں کو عملی طور پر کچلنے کی حکمت عملی اپنائی، ایک رپورٹ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک آزادی کشمیر میں سال 1988 سے اب تک مجموعی طور پر 40768 کشمیریوں کو شہید کیا گیا جن میں 25203 حریت پسند اور 15147 عام شہری شامل ہیں ان میں 1988 سے 2000 تک 12396 حریت پسند اور 10310 عام شہری شہید ہوئے۔ 1988 سے اب تک مقبوضہ کشمیر میں 6994 سیکورٹی اہلکار ہلاک ہوئے، مقبوضہ کشمیر میں 2000 سے اب تک بھارتی فوج کی طرف سے کی گئی کاروائیوں میں 110185 افراد زخمی ہوئے، 4847 عورتیں بیوہ ہوئیں، 11560 بچے یتیم ہوئے، 11075 مکانات یا دوسرے تعمیراتی سٹرکچر کو نقصان پہنچایا گیا جبکہ خواتین کی بے حرمتی کی گئی، رپورٹ کے مطابق مقبوضہ جموں و کشمیر میں رواں سال 2020 میں 121 واقعات میں 229 کشمیریوں کو شہید کر دیا گیا۔ جن میں جنوری میں 22، فروری میں 12، مارچ میں 13، اپریل میں 33، مئی میں 16، جون میں 51، جولائی میں 24، اگست میں 20، ستمبر میں 20 اور اکتوبر میں 18 کشمیریوں کو شہید کیا گیا۔ جبکہ 49 فورسز اہلکار ہلاک ہوئے۔ پولیس کے مطابق رواں سال اسلحہ برآمدگی کے 151 واقعات ریکارڈ کئے گئے، امسال دھماکوں کے 31 واقعات میں 30 شہریوں اور ایک سیکورٹی اہلکار کی اموات ہوئیں جبکہ 22 سیکورٹی اہلکار زخمی ہوئے، سال 2020 میں 119 مختلف واقعات میں 248 افراد کو گرفتار کیا گیا، رپورٹ کے مطابق 16 جولائی 2016 کو برہان وانی کی شہادت کے بعد بھارتی فوج نے پیلیٹ گنز سے عوام کو نشانہ بنانے کی حکمت عملی اختیار کی اس وقت سے اب تک چھروں سے زخمی افراد کی تعداد 10120 ہے جبکہ 75 کشمیری مکمل طور پر بصارت سے محروم ہوگئے ہیں، 198 ایک آنکھ کی بصارت سے محروم ہوئے، اور 1000 کی بصارت ضائع ہونے کے قریب ہے، 1800 افراد کی بصارت کو جزوی نقصان پہنچا، رپورٹ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں اب تک کئی علاقوں میں بھارتی افواج نے کشمیریوں کا قتل عام کیا، سوپور، ہندوارہ، کپواڑہ، گاؤکدل ہو یا دیگر دل گداز واقعات ہوں، ہر جگہ بھارت کی قابض افواج نے انسانیت سوز مظالم کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے مقبوضہ کشمیر میں قتل عام کے تقریباً 35 واقعات میں 643 افراد بہیمانہ طریقے سے شہید کئے گئے، پاکستان اور آزاد کشمیر میں 27 اکتوبر کو کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے یوم سیاہ منایا جاتا ہے، واک، سیمینارز، سمپوزیم خاص طور پر میڈیا کے زریعے دنیا بھر کے انسانی حقوق کے علمبرداروں اور اقوام متحدہ کی پانچ بڑی طاقتوں کے حکمرانوں کو کشمیریوں پر ہونے والے بھارتی ظلم و بربریت کے بارے آگاہ کرنے کے ساتھ اس بات کا مطالبہ کیا جاتا ہے کہ کشمیر کے مسئلہ کو اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق حل کیا جائے، اور نہتے کشمیری مسلمانوں پر بھارتی فوج کے ظلم و تشدد کو روکا جائے۔

## نواز شریف کا بیانیہ اور راست اقدام

میر افسر امان

نواز شریف کے جس بیانیہ کا ہم آج کے کالم میں ذکر کرنا چاہتے اُس سے ملکِ پاکستان، اس کی مایا ناز فوج اور عدلیہ کو نقصان پہنچنے کے امکان ہیں۔ نواز شریف نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو نہ مانتے، اپنے اقتدار اور کرپشن بچانے کے لیے فوج میں بغاوت پھیلانے، بیوروکریسی کو فرائض منصبی ادا کرنے سے روکنے اور عوام کو مملکت کے خلاف خانہ جنگی پر اُکسایا ہے۔ کیا ان کے اس بیانیہ کو مذید پھیلانے کا وقت دے کر قانون کے رکھوالے ملک کو تباہی کے دھانے پہنچانے میں شامل تصور نہیں کیے جائیں گے؟ کیا وفاقی حکومت کو نواز شریف کے ملک کو نقصان پہنچانے والے بیانیہ کو عدالت میں لے جا کر فیصلہ نہیں لینا چاہیے؟ کیا ہماری سپریم کورٹ کی ذمہ داری نہیں بنتی کہ نواز شریف کے ملک دشمن بیانیہ کے خلاف ازخود نوٹس لے کر ملک کو تباہ ہونے بچائے؟۔ اگر یہ باتیں صحیح ہیں تو اس پر فوراً کاروائی ہونی چاہیے۔ دہشت گرد، فاشسٹ اور غدار وطن الطاف حسین کے معاملے میں ڈھیل دے کر ملک کو نقصان پہنچانے میں مقتدر حلقے بھی شامل سمجھے جاتے رہے ہیں۔ لہٰذا ! اب دوبارہ یہ غلطی دھورانا صحیح نہیں ہوگا۔ نواز شریف کے ملک دشمن بیانیہ تجزیہ کرنے سے پہلے، نواز شریف کو یہاں پہنچنے میں کیا واقعات رونما ہوئے، اس پر بھی روشنی ڈال لیتے ہیں۔ پاکستانی قوم کو اچھی طرح سے معلوم ہے کہ آف شور کمپنیاں کو بین الاقوامی صحافیوں نے تلاش کیا تھا۔ نہ عمران خان نے نہ ہی فوج نے۔ آف شور کمپنیوں میں نواز شریف فیملی کا ذکر آیا تھا۔ نواز شریف اس پر کافی پریشان تھے۔ اپوزیشن نے نواز شریف پر اعتراض کیا تھا۔ نواز شریف دو دفعہ الیکٹرونک میڈیا اور ایک بار پارلیمنٹ میں پریشانی کی حالت میں صحیح جواب نہ دے سکے۔ پارلیمنٹ میں ہوائی فاہر کرتے رہے۔ کہا جناب اسپیکر یہ ہیں ہماری آمدنی کے ذرائع۔ جس میں جعلی قطری خط بھی تھا۔ خود سپریم کورٹ کو خط لکھا کہ وہ مقدمہ سن کر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیں۔ عدالت نے کہا کہ پرانے قانون کے تحت تو بہت مدت لگتی ہے۔ آپ پارلیمنٹ میں نئے "ٹی او آر" پاس کریں۔ نواز شریف نے پارلیمنٹ میں اکثریت کے باوجود ٹی او آر پاس نہیں ہونے دیے۔ اپوزیشن نے عدالت میں نواز شریف پر مقدمہ داہر کر دیا۔ عدالت نے سب فریقین سے حلف نامے لیے کہ سب عدالتی فیصلے کو مانیں گے۔ سپریم کورٹ کے لارجر بینچ نے نواز شریف کو سیاست سے تا حیات نا اہل قرار دیا۔ نون لیگ کی صدارت سے بھی ہٹا دیا۔ کرپشن کے لیے جے آئی ٹی بنائی۔ جے آئی ٹی نے نواز شریف کی کرپشن پکڑی۔ جے آئی ٹی کی تحقیق رپورٹ پر نیب عدالت میں مقدمہ داہر ہوا۔ نواز شریف عدم ثبوت پر سزا وار ٹھہرے۔ نواز شریف، مریم صفدر اعوان اور ان کے شوہر صفدر اعوان تینوں کو نیب عدالت سے سزا ہوئی۔ نواز شریف جیل میں بند تھے۔ بیماری کا جھوٹ بولا۔ عدالت کے مطابق ملکی سسٹم کو فریب دے کر لندن علاج کے بہانے گئے۔ وہاں فوج اور عدلیہ کے خلاف سارا ملک آسمان پر اُٹھا لیا۔ اس سے قبل شہروں شہر جلسوں، جلوسوں اور ریلیوں میں احتجاج کیا۔ مجھے کیوں نکالا۔ ووٹ کو عزت دو۔ ملک میں مارشل لاء لگنے والا ہے۔ پارلیمنٹ تو دی جائے گی۔ جمہوریت لپیٹ دی جائے۔ سیاست دانوں کو گھر بھیج دیا جائے گا، مجیب کے مینڈیٹ کو بھی نہیں مانا گیا تھا۔ پھر ملک ٹوٹ گیا۔ ۷۲ سال سے یہی کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ ۷۳ سالوں میں کسی بھی منتخب وزیر اعظم کو پانچ سال مکمل نہیں کرنے دیے۔ جبکہ خود نواز شریف اور زرداری نے پانچ پانچ سال مکمل کیے۔ اب عمران خان کی باری انہیں ہضم نہیں ہو رہی۔ کرپشن ثابت ہونے اور نیب عدالت سزا ہونے پر عمران خان حکومت، فوج اور عدلیہ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہوا ہے۔ پھر نہ جمہوریت کو لپیٹا گیا۔ نہ پارلیمنٹ ٹوٹی۔ نہ مارشل لاء لگا۔ نہ سیاست دانوں کو گھر بھیجا گیا۔ پارلیمنٹ نے نواز لیگ کے خاقان عباسی کو ملک کا نیا وزیر اعظم چن لیا۔ سینٹ کے قانون کے مطابق الیکشن ہوئے۔ ملک اپنی سمت میں چلتا رہا۔ ہاں نواز شریف اپنی غلطیوں کی وجہ سے ملک کے اقتدار سے علیحدہ کر دیے گئے۔ قانون کے شکنجے میں پھنس گئے۔ مریم صفدر اعوان صاحبہ نے کہا، بیرون ملک کیا؟ میری تو پاکستان میں بھی کوئی پراپرٹی نہیں۔ بعد میں پراپرٹی بھی نکل آئی۔ پھر پراپرٹی کے جعلی ڈاکومنٹ عدالت میں جمع کروائے۔ جعل سازی اور عدم ثبوت پر انہیں بھی کرپشن میں سزا ہوئی۔ اس وقت وہ ضمانت پر رہا ہیں۔ فضل الرحمان صاب جو پہلی بار ممبر اسمبلی منتخب نہیں ہوئے۔ عمران خان جس نے فضل الرحمان کو خیبر پختون خواہ میں دو دفعہ شکست دے کر حکومت بنائی۔ فضل الرحمان، عمران خان کو شروع سے یہودیوں کا ایجنٹ کہتے ہیں۔ عمران خان کہتا ہے کہ فضل الرحمان کے ہوتے ہوئے کسی اور یہودی کی ضرورت نہیں۔ جب عمران خان نے قومی اسمبلی میں اکثریت حاصل کی تو فضل الرحمان نے کہا کہ عمران کی حکومت نہیں چلنے دوں گا۔ سب سے کہا استعفےٰ دیں۔ مگر کسی بھی پارٹی نے استعفےٰ نہیں دیے۔ اپوزیشن نے کہا کہ عمران خان کو فوج لائی ہے۔ اگر یہ بات ہے تو نواز شریف کو جنرل جیلانی لائے۔ پی پی پی کو ایوب خان اور یحییٰ لائے۔ فضل الرحمان نے ایم ایم اے کی بات نہ مان کر سرحد اسمبلی نہ توڑ کر مشرف سے گٹ جوڑ کیا۔ اپوزیشن کہتی ہے کہ الیکشن میں ووٹ چرا لے گئے۔

۲۔ فضل الرحمان اپوزیشن کی گیارا پارٹیوں کا اتحاد بنانے میں کامیاب ہوگئے۔ فضل الرحمان کو پاکستان ڈیموکریٹ موومنٹ (پی ڈی ایم) کا صدر بنا دیا گیا۔ ملک میں جلسے شروع ہوئے۔ کہا گیا کہ عمران خان وزیر اعظم پاکستان استعفیٰ دے۔ نئے انتخاب کرا ہے جائیں۔ فضل الرحمان نے فوج کو للکارا کہ تمھارا حشر ایسا کریں گے جیسا افغانستان میں امریکی فوجوں کا کیا ہے۔ نواز شریف نے فوج کے سربراہ، آئی ایس آئی کے چیف اور سی پیک کے سربراہ کے نام لے لے کر جلسوں میں فوج کو للکارا۔ مریم صفدر اعوان اس بات سے سوا ہاتھ آگے بڑھ کر فوج کو بدنام کر رہی ہے۔ کراچی جلسہ کے بعد میں نواز شریف کی بیماری والی طرز کا ڈرامہ رچا کر پروپیگنڈا شروع کیا کہ رینجرز نے پولیس کے آئی جی کو اغوا کر کے صفدر اعوان کو گرفتار کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق یہ آئی جی زرداری کی کرپشن چھپانے میں ملوث رہا ہے۔ آرمی چیف نے انکواری کا حکم دیا ہوا ہے جلد حقیقت سامنے آجائے گی۔ بلاول زرداری بھی فوج کو بدنام کر رہے۔ باقی قوم پرستوں کا تو شروع سے فوج کے خلاف ناجائز پرپیگنڈے کے زور پر ہی روزگار سیاست چلتا ہے۔ اب نواز شریف کے کردار پر کچھ عرض کرتے ہیں۔ نواز شریف کو جب نااہل اور کرپشن میں سزا سنائی گئی تھی تو بھارت کے را کے چیف اجیت دوول نے بیان دیا تھا کہ بھارت نے نواز شریف پر بہت کچھ انوسٹمنٹ کیا ہوا ہے، اسے اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ نواز شریف نے کلبھوشن کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں بولا تھا۔ مودی کے الیکشن جیتنے پر بھارت گئے اور مودی سے ایک خفیہ ملاقات کے بھی چرچے ہوتے رہے ہیں۔ دہشت گرد مودی سے ذاتی دوستی کی۔ جو پاکستان کے دو ٹکڑے کرنے کا اعلانیہ عتراف کرتا ہے۔ اس کے وزیر کہتے ہیں پاکستان کے پہلے دو ٹکڑے کیے تھا۔ اب مذید دس ٹکڑے کریں گے۔ مودی کے یوم آزادی پر لال قلعے پر تقریر کرتے ہوئے کہتا کہ مجھے بلوچستان اور گلگت سے مدد کرنے کے لیے فون کالز آ رہی ہیں۔ یہ مودی کی طرف سے پاکستان میں کھلی ہوئی دہشت گردی کا اعتراف ہے۔ بھارت کے اسٹیل ٹائیکون سے ان کے بیٹے کی ذاتی دوستی کے چرچے عام ہیں۔ نواز شریف نے مودی کی دہشت گردی اور دھمکیوں کا کبھی بھی جواب نہیں دیا۔ بلکہ کشمیر کو ایک طرف رکھ کر آلو پیاز کی تجارت ہی کی۔ اس کے ساتھ ساتھ دہشت گرد مودی، را کے چیف اجیت دوول، اسٹیل ٹائیکون جندال جو پاکستان کو گالیاں دیتا رہتا ہے کو بغیر ویزوں اور بغیر وزارت خارجہ کو اطلاع کیے اپنے گھر جاتی امرا لاہور بلایا۔ مری میں اسٹیل ٹائیکون جندال کو بھی بغیر وزیر کے بلایا۔ اس پر ذرائع کہتے ہیں کہ جندال بھارتی جاسوس کلبھوشن پر ہولا ہاتھ رکھنے (جاری ہے)

## باچا خان بابا کا بہادر اور نڈر سپاہی مرحوم بسم اللہ جان لونی کی یاد میں

سید رحمت اللہ

پشتون سیاسی قبائلی اور سماجی اعتبار سے ایک بہادر اور نڈر قوم کے نام سے پہچانی جاتی ہے پشتون قوم تے دنیا میں بہت سے نشیب و فراز دیکھے پشتونوں نے متعدد پڑاو میں طویل کٹھن اور صبر آزما سفر طے کئے ہیں مگر پشتون قوم نے آج مختلف مشکلات میں گری ہوئی نظر آتی ہے ان مشکلات اور مسائل سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے مخلص اور دیانت دار قیادت کی ضرورت ہوتی ہے پشتونوں کو حقیقی اور دیانت دار قیادت بھی میسر آئی مگر پشتون قوم نے اپنی حقیقی قیادت پہچانے میں غلطی کی جو اپنے ہی پاؤں پے کلہاڑی مارنے کے مترادف تھی پشتون قوم نے تاریخ میں بولان سے چترال اور افغانستان کے ان بلند و بالا پہاڑوں کے درمیان ان وادیوں میں بڑی بڑی قدآور شخصیات پیدا کیں چاہے شیر شاہ سوری ہو یا احمد شاہ ابدالی محمود غزنوی ہو یا میرویس خان جیسے حکمران ہوں یا خوشحال خان خٹک رحمان بابا یا غنی خان جیسے نامور شعرا ہوں اس دھرتی نے ایک ایسے درویش صفت انسان کو بھی جنم دیا جسکے تذکرے کے بغیر پشتون قوم کی تاریخ ہمیشہ نامکمل رہے گی وہ شخصیت خدائی خدمتگار تحریک کے بانی فخر افغان خان عبدالغفار خان المعروف باچاخان کی ہے جنکا شمار برصغیر کے ان نامور شخصیات میں سے ہوتا ہے جنھوں نے تاریخ کے اوراق پر گہرے نقوش چھوڑے انکا نظریہ فلسفہ اور افکار کے داعی اور ان پر جان نچھاور کرنے والے پیروکار آج بھی لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں۔ عوامی نیشنل پارٹی کے قائدین اور باچاخان بابا کے پیروکاروں نے اس مٹی کی خاطر بہت ہی قربانیاں دیں جسکی مثال دنیا کے کسی بھی کونے میں نہیں مل سکتی مصیبتوں اور پریشانیوں کو جھیلنے کی وجہ سے ہمارے عوام اپنے اکابرین کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں فخر افغان باچاخان نے پشتونوں کو عدم تشدد کا درس دیا اور ساتھ ہی پشتونوں کو خدائی خدمتگاری کے جذبے سے روشناس کرایا۔ باچاخان کی تحریک ہی کی وجہ سے لوگوں میں بیداری پیدا ہوئی اور وہ اپنے حقوق حاصل کرنے کیلئے اٹھ کھڑے ہوئے آج دنیا کے ہر کونے پر بسنے والے پشتون باچاخان کے خدمات سے آگاہ ہیں اور اس راہ پر چلنا اپنے لئے کار خیر اور عزت و افتخار کی علامت سمجھتا ہے انکے راہ پر چلنے والے مصائب اور مشکلات سے آگاہ ہیں یہ ان کیلئے کوئی نئی بات نہیں اس تحریک سے وابستہ لیڈران نے حقیقی معنوں میں عوام کی آواز بننے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور ہر پلیٹ فارم پر ذات سے بلاتر ہو کر اجتماعیت کا درس دیا۔ آج بھی اس تحریک سے وابستہ لیڈران پشتونوں کو دنیا میں نمایاں مقام دلانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں فخر افغان باچاخان اور انکے ساتھیوں کا کردار ہر حوالے سے ناقابل فراموش ہے آج ہم اس قافلے سے وابستہ باچاخان بابا کے ایک ایسے بہادر اور نڈر سپاہی کا ذکر کرتے ہیں۔ جنھوں نے اپنی زندگی انسانیت کی بقاء اور کامیابی کے مقصد کے تحت گزاری اور محکوم طبقات کے موثر آواز بنے رہے جسکا نام بسم اللہ جان لونی ہے جو 28 اکتوبر 2019 کو ہم سے ہمیشہ کیلئے بچھڑ گئے ایسے لوگ جنھوں نے اپنی زندگی عوام کی خدمت میں گزاری ہو وہ بظاہر تو مرجاتے ہیں لیکن انکی یادیں اور انکی جدوجہد ہمیشہ یاد رہتی ہے مرحوم بسم اللہ جان لونی فخر افغان باچاخان کے قافلے کے ایک سچے سپاہی تھے جو مرتے دم تک باچاخان کے نقش قدم پر چلتے رہے انکے حالات زندگی، سیاسی خدمات اور جدوجہد پر ایک مختصر جائزہ لینا ضروری ہے۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی 1974 کو اپنے آبائی گاؤں کلی مرجانزئی میں ایک مڈل کلاس گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق لونی قبیلے کے شاخ مرجانزئی سے تھا۔ بسم اللہ جان لونی نے پرائمری تک تعلیم گورنمنٹ میرواس کالونی مڈل سکول لورالائی سے حاصل کی اور میٹرک 1990 میں گورنمنٹ ٹاؤن ہائی سکول لورالائی سے کیا۔ اسکول سے فارغ ہونے کے بعد 1991 میں ڈگری کالج لورالائی میں داخلہ لیا اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن میں شمولیت اختیار کر کے تنظیم کو فعال کرنے کی جدوجہد شروع کی۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی 1993 میں پشتون ایس ایف کے الیکشن میں ضلعی صدر منتخب ہوئے اور 1994 تک اس عہدے پر فرائض سرانجام دیتے رہے۔ آج بھی انکی سیاسی سوچ فکر، نظریہ اور پشتون قوم کی بقاء کی حوالے سے عظیم خدائی خدمت گار خان عبدالغفار خان المعروف باچاخان کے عدم تشدد کے سچے پیروکار کی حیثیت سے زندہ ہے۔ بسم اللہ جان لونی نے ماسٹر یونیورسٹی اف بلوچستان سے کیا۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی نے 1998 میں عوامی نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی اور 1999 میں پارٹی کارکنوں نے آپ کو عوامی نیشنل پارٹی ضلع لورالائی کا ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب کیا یہاں سے آپکا پارٹی کیلئے خدمات کا سلسلہ شروع ہوا کچھ ہی مہنوں کے بعد ضلعی کابینہ تحلیل کی گئی جب 2000 میں الیکشن ہوئے تو آپ عوامی نیشنل پارٹی ضلع لورالائی کے جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے جنرل سیکرٹری منتخب ہونے کے بعد بسم اللہ جان لونی نے پارٹی کو شہر میں فعال کرنے کی جدوجہد شروع کی اور لوگ جوک در جوک عوامی نیشنل پارٹی میں شامل ہوتے گئے انکی جدوجہد کے بدولت عوامی نیشنل پارٹی شہر میں ایک منظم سیاسی جماعت کے طور پر ابھری۔ میں نے اپنے زمانہ طالبعلمی میں انکی کارکردگی سے متاثر ہو کر 2002 میں عوامی نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی اور انکے شانہ بشانہ فخر افغان باچاخان کا پیغام گھر گھر تک پہنچایا ان سے قربت ہونے کی وجہ سے ان سے سیاست کے گر سیکھنے کا موقع ملا۔ اپنے سیاسی کیریر میں فخر افغان باچاخان بابا کے قافلے کے قریبی ساتھی اور اپنے سیاسی استاد مرحوم بسم اللہ جان لونی کے قریب رہا انہیں ہمیشہ ایک شفیق استاد کی طرح پایا وہ ہمیشہ اپنا تجربہ پارٹی ورکروں کے ساتھ شیئر کرتے تھے۔ سیاست کا میدان ہو، قبائلی رسم و رواج ہو، کھیل کود کا میدان ہو، سماجی میدان ہو بسم اللہ جان لونی ہمہ وقت مصروف عمل رہا اور اپنے خداداد صلاحیتوں کا لوہا منوایا انکی شخصیت کا نہ صرف عوامی نیشنل پارٹی بلکہ ہر سیاسی جماعت کے کارکن اور رہنما اعتراف کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ ذاتی طور پر بلا رنگ نسل قومیت اور مذہب کی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے تھے۔ انہیں پشتون قوم کی پسماندگی، غربت، فرسودہ قبائلی نظام، سیاسی بے شعوری، اپنی سرزمین کی اہمیت اور قدرتی وسائل سے نابلد ہونے کا رنج ستاتا تو کہتے کہ ہمیں آج بھی فخر افغان اور عظیم خدائی خدمتگار خان عبدالغفار خان المعروف باچاخان اور رہبر تحریک خان عبدالولی خان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پشتونوں کو دنیا کے حالات اور واقعات سے روشناس کرانا ہوگا۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی قوم کی ترقی اور خوشحالی، امن امان، تابناک مستقبل اور دنیا کی ترقی یافتہ ممالک اور اقوام کی صفوں میں کھڑے ہونے کیلئے دینی و عصری تعلیم کا حصول کو واحد ذریعہ سمجھتے تھے۔ آپ ہمیشہ نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے پر زور دیتے تھے۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی 2002 کے بلدیاتی الیکشن میں ناظم بھی رہ چکے ہیں اور اسی سال بلا مقابلہ عوامی نیشنل پارٹی ضلع لورالائی کے صدر منتخب ہوئے اور آج تک اس عہدے پر منتخب ہوتے آرہے ہیں مرحوم بسم اللہ جان لونی کہا کرتے تھے کہ پشتونوں کی واحد نمائندہ سیاسی جماعت عوامی نیشنل پارٹی ہے جو پشتونوں کے دشمنوں کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر پشتون قوم کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے جو اپنے حقوق کیلئے پرامن احتجاج کا راستہ اپناتے ہوئے خون کا نذرانہ بھی پیش کر رہی ہے اور تاریخ ثابت کرے گی کہ پشتون قوم کی ترقی و خوشحالی امن امان کی بحالی بہتر مستقبل کی ضمانت قومی تشخص اور قومی وسائل کی تحفظ کیلئے عوامی نیشنل پارٹی نے جنگ بھی لڑی اور شہدا بھی دیے عوامی نیشنل پارٹی آج بھی اپنے موقف پر قائم ہے اور اپنے موقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹی اور ہم اپنی مٹی کی تحفظ کیلئے ہمہ وقت ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی 2008 میں پہلی دفعہ جنرل الیکشن میں پارٹی کے ٹکٹ پر صوبائی اور قومی امیدوار رہے اور 2013 کے الیکشن میں بھی قومی اسمبلی کے امیدوار کے طور پر حصہ لیا لیکن آپ کو کامیابی نصیب نہیں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے انکو خداداد صلاحیتیں عطاء کی تھیں۔ وہ اعلیٰ پائے کے مقرر بھی تھے۔ انہوں نے دن رات علاقے کے لوگوں کی ہر ممکن خدمت کرنے سے گریز نہیں کی کبھی بھی مرحوم نے اپنے ساتھیوں کو اپنی غربت محسوس ہونے نہیں دی۔ انہوں نے تن من غرض سب کچھ اس راہ میں قربان کر دی۔ زندگی کے آخری ایام میں مرحوم بسم اللہ جان لونی کو کینسر جیسے موضی مرض لاحق ہوا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ جس سے آپ زندگی اور موت کی جنگ لڑتے رہے جانبر نہ ہوسکے۔ آخر کار 28 اکتوبر 2019 کی شب 10 بج کر 50 منٹ پر حمید لطیف ہسپتال لاہور میں اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔ مرحوم کی موت کی خبر پورے علاقے میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ جب مرحوم کی میت کو جلوس کی شکل میں شہر پہنچایا گیا تو علاقے کی خادم کی دیدار اور نماز جنازہ میں شرکت کرنے کیلئے صوبے بھر سے پارٹی قائدین، پارٹی کارکنان اور شہری آمڈ آئے۔ اور پورے شہر میں ایک سوگ وار ماحول چھا گیا۔ مرحوم کے سیاسی شاگرد اپنے ساتھی کے بچھڑنے سے افسردہ نظر آئے۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی کی لورالائی کی تاریخ میں سب سے بڑی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ مرحوم کو اپنے آبائی علاقے کلی مرجانزئی میں 29 اکتوبر 2019 کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ آج مرحوم بسم اللہ جان لونی کی پہلی برسی پر عوامی نیشنل پارٹی کے صوبہ بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی سمیت دیگر قومی اور صوبائی قائدین پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پشتون قوم کی بقاء اور پشتونوں کو دشمنوں کی چنگل سے چھڑانے، قومی وسائل کی تحفظ اور مشکلات سے نکالنے کیلئے پشتون قوم پرست اور مذہب پرست سیاسی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کر کے آگے بڑھتے ہوئے اپنا قومی فریضہ بہ احسن طریقے سے ادا کریں یہی مرحوم بسم اللہ جان لونی کے قومی آرمانوں کی تکمیل اور ہدف کا حصول ہے۔

## غمِ زندگی (آخری قسط)

ندیم گرگناڑی

آج میرے دل کی دھڑکنیں اور زیادہ ہوئی ہیں جیسے کہ چارپائیوں پر سراج اور منظور کے مسکراتے چہرے رکھے مجھے تسلیاں دیتے ہوئے محسوس کرتا ہوں۔ یہ چہرے یہ مسکراہٹ ہر سال تازہ زخم لے کر وارد ہوتے رہیں گے۔ اے وادی خضدل تیری گود میں آج راہبہ خضداری سسک رہی ہے تیرے گود میں ہانی سسکتی ہے تیری گود میں بانڑی سسک رہی ہوگی۔ کون ہے جس کی زندگی بغیر آنسو بہائے ہوئے گزرتی ہے۔ آج حمزہ بھی میرے آنسو دیکھ کر پوچھ رہا ہے ابا لکھتے وقت آپ کیوں رو رہے ہو لیکن اس کے اس سوال کا جواب اب تک میرے پاس نہیں ہے۔ ہر نئے دن نئے درد نئے غم۔ اس غم اور اس درد کو شاشان کے حوالے کر دوں حلوائی یا چلتن پر رکھ دوں کوماران پر۔ یا کوہ دمبان پر یہ درد یہ غم ان سب کی گود میں سسک رہا ہے۔ اے خضدل آج بھی تیرے غم کو دیکھ کر مجھے تعجب سا ہو رہا ہے کہ تو کس طرح بے رحم تاریخ کو رقم کیے جا رہا ہے۔ اور تیرے مسخ شدہ چہرے کو ناپاک ہاتھوں نے جس طرح پامال کیا ہے وہ دن کب آئے گا جب ان ناپاک چہروں سے خون کے قطرے ٹپکیں گے۔ اے وادی دشت خضدر۔ آج کی رات مجھ پر بہت انتہائی وزن دار اور بھاری ہے اس بوجھ کو صبح تک میں کس طرح برداشت کروں گا۔ چارپائیوں پر رکھے سراج منظور کے چہروں سے چادریں ہٹا کر جب ان کے پیشانیوں سے بوسہ لیتا ہوں تو کھڑے عزیز رشتہ داروں کے ہچکیاں بند ہو جاتی ہیں کیا خوفناک اور دردناک منظر ہے۔ آج میرا کمر ٹوٹا ہے کہیں لڑکھڑاتا ہوں تو کہیں بیٹھ کر خاموشی سے اپنے قسمت کی لکیر پر ماتم کناں ہوں جو سہارا دینے والے تھے وہ خاموش محوِ خواب ہیں ایک عمران ہے کبھی ماں کو دلاسہ دیتا ہے تو کبھی بہنوں کو کبھی عزیزوں سے لپٹ جاتا ہے تو کبھی بھائیوں کے دوستوں کے منہ تکتا ہے یہ بے گمان زندگی کا کس طرح کایا پلٹ جاتا ہے اک پل میں زندگی الٹ پلٹ جاتا ہے۔ صبح کو مسکراہٹیں اور شام کو ماتم آہ و فغاں۔ اے خضدل آج کی رات نہ سراج میرے ساتھ بات کر رہا ہے اور نہ منظور کیا میں ان کو بغل میں لے کر پیار کروں یا ڈانٹوں کہ وہ میرے ساتھ بات کیوں نہیں کرتے۔ اب تک ہم تو ان کے زندگی کو اک پل بھی دیکھ نہ سکے تھے۔ جیسا کہ وہ اک خواب تھے میں انہیں دیکھا اور بیدار ہوا تو وہ اوجھل ہوگئے۔ اے خضدل آج سراج منظور کے استقبال کے لیے شاشان بانہیں کھول دیا ہے اس درد کو لیے سورج شاشان کے اوٹ سے غروب ہو کر نئی صبح کی نوید لے کر طلوع ہوگی۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

حکومت کے درجنوں لوگ رابطے میں ہیں۔ خواجہ آصف

## پرچی سے برچھی تک (آخری قسط)

پروفیسر رفعت مظہر

کئی سال پہلے رات گئے ٹی وی پر قابل اعتراض فحش پروگرام نشر ہوا کرتے تھے۔ صبح اُٹھ کر سارے مولوی "حسب توفیق" ان پروگراموں پر لعن طعن کیا کرتے تھے۔ اس لعن طعن کو سُن کر کئی "شرفا" ان پروگراموں کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے ساری رات گزار دیتے۔ یہی حال اب میاں نواز شریف کی 16 اکتوبر کی تقریر کا ہے جسے میڈیا پر نشر ہونے سے روک دیا گیا لیکن خانِ اعظم نے نہ صرف چوری چوری پوری تقریر سُن لی بلکہ اُس پر بھرپور ردِعمل بھی دیا۔ اب سارا پاکستان سوشل میڈیا پر میاں نواز شریف کی وہ تقریر ڈھونڈ رہا ہے۔ اگر میاں نواز شریف کی تقریر پر پابندی نہ لگائی گئی ہوتی تو شاید اُس تقریر کی اثرپذیری کئی گنا کم ہوتی۔ اب وزیرِاعظم نے فرمایا کہ حکومتِ برطانیہ کو میاں نواز شریف کو "ڈی پورٹ" کرنے کا کہا جائے گا اور اگر ضرورت پڑی تو وہ خود برطانیہ جا کر برطانوی وزیرِاعظم بورس جانسن سے بات کریں گے۔ عرض ہے کہ بورس جانسن پاکستان نہیں، برطانیہ کا وزیرِاعظم ہے جہاں آئین وقانون کے سامنے وزیرِاعظم کی کوئی حیثیت نہیں۔ اس لیے احمقوں کی جنت میں بسنے والوں کے نزدیک تو شاید وزیرِاعظم کا یہ بیان خوش آئند ہوگا، ہمارے لیے نہیں۔

پس نوشت:۔ صدارتی ریفرنس کا فیصلہ آچکا جس میں لکھا گیا کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ ریفرنس غیرآئینی، صدر صوابدیدی اختیارات کے استعمال میں ناکام، جس پیمانے پر قانون سے انحراف ہوا اُسے بدنیتی کہا جا سکتا ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے لکھا کہ قاضی فائز عیسیٰ اور اُن کی اہلیہ کے انکم ٹیکس ریٹرن کی خفیہ معلومات دینے پر ایف بی آر کے سابق چیئرمین، متعلقہ انکم ٹیکس آفیسر، وزیرِ قانون فروغ نسیم اور اے آر یو کے چیئرمین شہزاد اکبر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ صرف ان اصحاب کے خلاف ہی نہیں بلکہ صدرِ پاکستان کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے جنہوں نے پڑھے بغیر بدنیتی پر مبنی یہ ریفرنس دائر کیا۔

## تبدیلی تحریر

ڈاکٹر سعید تبسم براہوئی ادب سے

انسان ہمیشہ بدلتا رہتا ہے۔ بچپن، جوانی، بڑھاپے کے دور سے گزر کر جب کمزور ہو جاتا ہے تو حسن و خوبصورتی بھی اس کا ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔ زمانہ بدل جاتا ہے کبھی غم تو کبھی خوشی اور کبھی بیماری تو کبھی صحت۔ اسی طرح موسم کی بھی بدلتی رتیں ہیں۔ کبھی بہار کے بکھرے رنگ ہر طرف گوارخ، گلاب، سوسن و سنبل کے پھولوں کی مہک اور خوبصورتی تو کبھی اسی زمین پر سوکھی ہوئی گھانس۔ کبھی گرمی ناقابل برداشت ہوتی ہے تو کبھی وہی دھوپ سردیوں میں اچھی لگنے لگتی ہے۔ گرمی ٹھیک سے لگتی نہیں کہ دھوپ چھوٹے بچے کی طرح کھیلتے ہوئے بادلوں میں چھپ جاتی ہے۔ لیکن وہی دن گرمیوں میں گزرتے ہی نہیں ہیں۔ یہ سب زندگی کی مٹھاس اور رونقیں ہیں۔ اگر دیکھا جائے آج کل کے لوگوں کو بدل جانے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ سوشل میڈیا پر اگر دیکھیں تو شام تک کسی بھی شخص کی ID اور تصویر بدل جاتی ہے۔ یاری اور دوستیاں بھی دن بہ دن بدلتی جا رہی ہیں۔ دل تنگ ہوگئے ہیں۔ وقت کی بھاگ دوڑ تیز ہو چکی ہے۔ اتنی جلدی تو موسم بھی نہیں بدلتے۔ جتنی جلدی لوگ بدل جاتے ہیں۔ زمانے کی تیز رفتاری نے لوگوں کو جلد باز بنا دیا ہے۔ اور زیادہ بھاگ دوڑ نے انسان کو نفسیاتی مریض بھی بنا دیا ہے۔ جو چیزیں فطرت کے اصولوں کے مطابق چلتی ہیں ان پر فطرت بھی مہربان رہتی ہے۔ جیسے پھولوں، درختوں اور بہتے دریا، سمندروں کو دیکھیں، جاندار، پرندوں کا اڑنا، گلاب کی خوشبو، سوسن کی نازکی، گوارخ کی مسکراہٹ یہ سب فطرت کا اظہار کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میرے دامن میں کھلا ہوا گلاب روز مجھ سے پوچھتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ میں بدل جاؤں اور پھولوں کا خیال رکھنا چھوڑ دوں۔ ایسا نہ ہو کہ میں کسی دوسرے پھول کو اپنا بنا لوں۔ اور میرے دامن میں کھلا ہوا پھول اداس ہو کر اپنے پتے زمین پر ڈھیر کر دے۔ کیونکہ انسان فطرت سے دور ہو کر دنیا داری میں لگ چکا ہے۔ اور وہ پھولوں کی خوشبو اور احساس سے زیادہ یہ پسند کرتا ہے کہ پلاسٹک سے بنے پھول اس کے ٹیبل کی رونق بنیں۔ ان میں خوشبو اور نازکی نہ ہو۔ ہم میں احساس اور محبت نہ رہے۔ اسی تبدیلی کا نعرہ لگاتے ہوئے ایک کاتی مار ہمارا حکمران بن گیا۔ پیٹرول اور آٹے کی قیمت آسمان کو پہنچ چکی ہیں۔ گھی، چینی، پتی، سبزی، سرف، صابن اور تیل کی خریداری غریبوں کے بس سے باہر ہے۔ بچوں کے لیے دودھ اور دوائیاں بھی غریب کے لیے خریدنا آسان نہیں۔ نسل در نسل کی مشقتوں کے بعد غریب اب روٹی کو ترستا ہے۔ اب کچھ اور مہربان میدان میں اتر کر کہتے ہیں کہ ہمارا ساتھ دو اس کو ہٹا دیں تا کہ ایک اور تبدیلی ہم لے کر آتے ہیں۔۔۔۔!! لیکن بات یہ بھی ہے کہ اس تبدیلی کے سائیڈ افیکٹس عوام کو بستر مرگ تک لے جا چکی ہے۔ ایک اور تبدیلی کا کیپسول عوام ہضم کر پائے گا۔

☆☆☆☆☆

## ذرا جرآت کے ساتھ

میر اسلم رند

شکریہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال صاحب شکریہ، اپوزیشن کی آمد پر آپ کے پارٹی کے ہیٹروں اور جھنڈوں کی سجاوٹ نے پی ڈی ایم کے جلسے کو چار چاند لگا دیا ہے، کل 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں تمام اپوزیشن پارٹیاں یوم شہدا جمہوریت منا رہے ہیں، سارے کوئٹہ شہر کو دلہن کی طرح سجایا دیا گیا ہے ہر پارٹی کا خوبصورت جھنڈا ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور آشنائی کا منظر پیش کر رہا ہے کوئٹہ ایئر پورٹ سے سریاب کسٹم تک عید کا سماں ہے ہر پارٹی کا جوشیلا کارکن جوش جزبے سے اپنے پارٹی کے پرچم کو نمایا جگہ پر لگا رہا ہے پورے بلوچستان سے مختلف پارٹی کو لوگ جوک در جوک جلسے میں شرکت کرنے کوئٹہ آرہے ہیں؛ اس جلسے میں پی ڈی ایم کی تمام سرکردہ لیڈر کوئٹہ پہنچ گئے ہیں جس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز، کیپٹن صفدر اعوان، نواب ثناء اللہ زہری، جنرل قادر، جمال شاہ کاکڑ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے جناب محمد خان اچکزئی۔ بی این پی مینگل کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نیشنل پارٹی کے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، عوامی نیشنل پارٹی اسفندیار ولی، پی ٹی ایم کے محسن داوڑ جس کو گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر پہنچا دیا گیا ہے، قائد جمیعت علماء اسلام اور پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن صاحب، شامل ہے بلوچستان باپ پارٹی کے جھنڈوں اور ہیٹروں سے محسوس ہو رہا ہے اس نے بھی اخلاقی طور پر پی ڈی ایم کے جلسے کی حمایت کر دی ہے کیونکہ ایئر پورٹ سے لیکر وزیر اعلیٰ ہاؤس تک باپ پارٹی نے اپوزیشن کے جلسے کو کامیاب بنانے اور یکجہتی کے لئے اپنے پارٹی کے جھنڈے لگوائیں ہیں، گزشتہ روز کراچی میں جو مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما کیپٹن صفدر کے ساتھ جو واقعہ پیش آیا اس نے کوئٹہ کے جلسے کو اور زیادہ دوام بخش دیا ہے عوام کا جوش جزبہ دیکر کے ایسا محسوس ہو رہا ہے کل کا جلسہ کوئٹہ کی تاریخ کا عظیم شان اور سب سے بڑا جلسہ ہوگا حکمرانوں کی نیندیں حرام ہو جائیگی کیونکہ ان کی ڈھائی سالہ کارکردگی صفر بٹہ صفر ہے مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے بے روزگاری 40 فیصد بڑھ چکی ہے وزیر اعظم صاحب کا کوئی وعدہ بھی وفا نہیں ہوسکا، ملک میں سیاسی انتظام کا سلسلہ زور شور سے جاری ہے لیکن پھر بھی حکومت اپوزیشن کو دبا نہیں سکی یہ پاکستانی تاریخ کی یہ پہلی حکومت ہے جو خود اقتدار میں بھی ہے اور اپوزیشن کردار ادا کر رہا ہے، پرانی کہاوت ہے فلاں شخص دومنٹ میں دوست کو دشمن بنا دیتا ہے یہی کارکرگی موجودہ مرکزی حکومت کی ہے جو اپنی دشمن خود ہے میرے اپنے کوئٹہ کے تمام سیاسی کارکنوں سے درخواست ہے وہ کل ایوب اسٹیڈیم ضرور تشریف لائے خاص طور پر مسلم لیگ (ن) کے ورکروں سے دست بستہ التماس ہے وہ کل گھر سے ضرور نکلے اور جلسہ گاہ پہنچے

## قاتل حسینہ N25 سنگل قومی شاہراہ (چمن ٹو کراچی) حکمرانوں کی غیر زمہ داری

قادر خدرانی

جی ہاں اسے چمن ٹو کراچی N25 سنگل سڑک کہتے ہیں بلوچستان کے بلکہ ایشیاء کے اہم شاہراہوں میں شمار ہوتا ہیں سنگل سڑک 25 N بدقسمتی سے بلوچستان والوں کے لئے موت بانٹ رہی ہیں روزانہ کی بنیاد پر ہمارے پیارے حادثات میں لقمہ اجل بن رہے ہیں ہم بلوچستان والے اسے اپنے آپ کی تقدیر اور موجودہ سابقہ حکمرانوں کی غیر زمہ داری کہ سکتے ہیں 25 N اس سڑک کی وجہ سے بلوچستان کے عوام کی روزانہ کی بنیاد پر قتل عام ہو رہی ہیں۔ روزانہ دل خراش واقعات حادثات کئی گاڑیوں میں آگ لگنے کئی گاڑیوں کے الٹنے اور کئی گاڑیوں کی ایکسیڈنٹ کی واقعات دیکھنے اور سننے کو ملتے ہیں بلوچستان کے بدبخت عوام روز آہوں سسکیوں کے ساتھ لاشیں اٹھا رہی ہیں سنگل سڑک کو بد دعائیں کر کر کے اس بدقسمت صوبہ کی قسمت ہی خراب ہیں اور اللہ نے حکمران بھی بدبخت دیئے ہے اگر ہمارے حکمران مخلص ہوتے عوام کے ساتھ تو ہم یوں ہر روز اس طرح کے اذیت ناک خبریں نہیں سنتے اسکے ساتھ یہ کاروباری حوالے سے ملکی معیشت کیلئے یہ سڑک سونے کی چڑیا ہیں لیکن بدقسمتی سے یہ سنگل سڑک صرف موت بانٹ رہی ہیں۔ سڑک حادثات اموات کی روک تھام ملکی آئینی قانونی زمہ داری ہیں کہ اس کی تدارک کرے اموات کی اہم وجہ اوور ٹیکنگ تیز رفتاری اور لوڈ غیر زمہ دار ڈرائیونگ بھی ہیں ان حالات کو کنٹرول کرنے کیلئے اس ملک کی یہی زمہ داری ہے کہ اس سڑک پر ان حادثات کی روک تھام کیلئے موٹر وے پولیس کو ہر پچاس کلومیٹر پر کیمپ لگا کر تعینات کرے افسوس ہیں کہ چمن سے شروع ہونے والا یہ روز موت کے کنویں کی شکل میں کوئٹہ، قلات، خضدار، بیلہ، سے گزرتے ہوئے کراچی کی جانب مگر افسوس خونی شاہراہ N25 کی بے بسی پر نزدیک نہ ایمرجنسی کیمپ لگایا گیا ہیں نہ ان علاقوں میں ایمرجنسی طبی ٹراما سنٹر مراکز قائم کئے گئے ہیں ان تمام ضروریات کے نہ ہونے کی وجہ سے صرف یہاں کے لوگوں کو مختلف حادثات میں موت کا نذرانہ مل رہی ہیں قاتل شاہراہ نے تاحال ہزاروں زندگیاں اجل کر دی ہیں اور ہزاروں کی تعداد میں لوگ زخمی اور جسمانی معذور ہو چکے ہیں جس میں بہت کم شخصیات بھی اسی روڈ پر ایکسیڈنٹ ہو کر معجزانہ طور پر بچ کر زخمی ہوگئے ہزاروں کی تعداد میں شہید ہو چکے ہیں اور کئی مکتبہ فکر و غریب محنت کش جان کی بازی ہار چکے ہیں روزانہ کئی نوجوان روڈ ایکسیڈنٹ میں جان کی بازی ہار تھے ہیں خونی شاہراہ جس میں الٹنے تصادم جھلنے و دیگر واقعات کے رونما ہونے سے ہزاروں کی تعداد میں اموات اور ہزاروں زخمی سینکڑوں لوگ معذور ہو چکے ہیں اربوں روپے کے گاڑیاں ان حادثوں میں نقصان ہو گئے ہیں اگر چہ ہم انہیں حادثات کہیں لیکن صاحب اقتدار ملک کے اداروں کی قانونی آئینی زمہ داری ہیں کہ وہ عوام کی جان و مال کی تحفظ کرے N25 شاہراہ کو ڈبل اور ہونے والے حادثوں کی روک تھام کرنے کیلئے موٹر وے پولیس کو قائم کر کے ان ہونے والے حادثات سے نمٹ سکے اس سڑک پر موٹر وے پولیس کے قیام قلات سے بیلہ تک قائم کیا جائے یہاں بہت سارے تبدیلی ممکن ہوسکتی ہیں اس روڈ پر چلنے والے غلط ڈرائیونگ اوور لوڈنگ اوور اسپیڈ اور ٹریفک ٹریفک میں بہتری کے ساتھ اس سڑک پر ہونے والے موٹر سائیکل گاڑیوں و دیگر حادثات میں نہ صرف کمی ہوسکتی ہیں قدرتی طور پر ہونے والے حادثات سے نمٹنے کیلئے موٹر وے پولیس بروقت انہیں طبی امداد کی رسائی متعلقہ اداروں کو آگاہی دینے میں کامیاب ہوگی کئی زخمی بلڈنگ و دیگر جان لیوا معاملات سے بچ سکتے ہیں مختلف مقامات پر ٹریفک کے خراب صورتحال کی وجہ سے راتوں میں اعشاراتی بیری کیٹ لگا کر دیگر کئی معاملات میں فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہیں مختلف چالان کی صورت میں ملک کے ریونیو کے مد میں بھی سرکاری خزانے کو فائدہ مل سکتی ہیں قلات سے بیلہ تک ہر پچاس کلومیٹر کے دوری پر کیمپ کے قائم کرنے پر تو پھر یہ روڈ پر اطمینان ہوگی یہ تب ممکن ہوگی جب صاحب اقتدار بلوچستان کے عوام کی جان و مال کو نقصان سمجھیں اور ضرورت اس امر کی ہے کہ یہاں سب سے اہم موٹر وے پولیس کی انتہائی ضرورت ہیں تب جا کر یہ روز موت کے کنویں سے نکل کر بلوچستان کے اور اس ملک کے عوام کیلئے ترقی سہولت تب ثابت ہوسکتی ہیں۔

☆☆☆☆☆


پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر، نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

**شال بقیہ 1**

میں ہے۔ پیر کو وزیر اعظم پاکستان عمران خان نے قومی اسمبلی پاکستان کے زیر اہتمام پاک افغان تجارت و سرمایہ کاری فورم 2020 کے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے افغانستان کیساتھ تعلقات صدیوں پرانے ہے دونوں ممالک زبان ثقافت، تہذیب، تمدن، مذہب اور دیگر مماثلت رکھتے ہیں افغانستان میں امن نہ صرف اس خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان چار دہائیوں سے انتشار کا شکار رہا ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان پاکستان کو پہنچا ہے دونوں ممالک نے دہشت گردی کی جنگ میں بے شمار جانی و مالی قربانیاں دی ہیں۔

**شال بقیہ 2**

پر اپوزیشن نے احتجاج کیا اور فلور خواجہ آصف کو دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی اسپیکر صاحب آپ نے پہلے بھی زیادتی کی، شدید احتجاج کے بعد ڈپٹی اسپیکر نے فلور خواجہ آصف کو دے دیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ایوان میں بولنا میرا حق ہے، حکومت کے کہنے پر مجھے فلور نہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس نمبر ہی نہیں کہ وہ ایوان کو چلا سکے، جلد حکومت کا قصہ لپیٹا جانے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر کی کرسی خالی ہوگی۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) منصوبے کی قانون سازی پر حکومت کے لوگوں نے ہم سے رابطہ کیا ہے۔

**شال بقیہ 3**

دلیل ہے کہ اہل اقتدار کی ستم ظریفیاں اب قابل قبول نہیں رہی عوام سے جھوٹے وعدے کرنے والوں کا جھوٹ بے نقاب ہو چکا ہے اہل بلوچستان نے تبدیلی کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں عظیم الشان جلسے کا انعقاد جہاں پی ڈی ایم کی قیادت کی شب و روز محنت کا ثمر ہے وہی اس جلسے کو کامیاب بنانے میں اہل بلوچستان نے جو کردار ادا کیا وہ ناقابل فراموش ہے بلوچستان کے عوام یہ جان چکے ہیں اہل اقتدار قوم کے مسائل سے زیادہ ان کے وسائل سے دلچسپی ہے جس کی بنیاد پر وہ بلوچستان کے عوام سے جھوٹے وعدے کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اہل بلوچستان کے مشکور ہیں جنہوں نے اتنی بڑی تعداد میں پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کی اور اس جلسے کو کامیاب بنایا۔

**شال بقیہ 4**

عہدے سے استعفیٰ دیا تھا انکی حکومت کا کسی نے تختہ نہیں الٹا تھا دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے فرانس کے صدر کی طرف سے گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیغمبر اسلام رحمتہ اللعالمین محمد ﷺ کی بے حرمتی کرنے اور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت سے سینکڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ اس بلاجواز حرکت کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے وزیراعلیٰ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اہم پیغام جاری کیا ہے جس میں انہوں نے فرانسیسی صدر کے بیان کی پرزور مذمت کی ہے۔

**شال بقیہ 5**

بہترین اقدامات پر مبارکباد پیش کرتا ہوں تاہم گزشتہ روز ہزار گنجی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے پیش آئیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز درمیانی درجہ رکھنے والا جلسے میں غیر اخلاقی باتیں کی گئی پہلے ہی کہا تھا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے بیگ میں بلوچستان کے بہتری کیلئے کچھ نہیں ہے پہلے ہی کہا تھا کہ بلوچستان کے پسماندگی کو جواز بنا کر جذباتی تقاریر کیا گیا۔ اور وہ ہی کیا گیا پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں نے بلوچستان میں حکومت کی لیکن کوئی بڑا اسکیم نہیں بنا سکے بہت اچھا ہوتا کہ جلسے میں شامل برسراقتدار رہنے والے جماعتیں بلوچستان میں بنائے ہوئے اسکیمات گنواتے پی ڈی ایم کو حکومت کھودینے کا غم ہے نیب زدہ ہے لوگ ہے۔

**شال بقیہ 6**

بلوچستان نے کہا کہ ہمیں اپنے لوگوں کی صحت اور بہبود یقینی بنانے کے حوالے سے سنجیدہ چیلنجز کا سامنا ہے، ہمیں میڈیکل کی تعلیم میں معیار کی بہتری کیلئے ریگولیٹری اور ادارہ جاتی میکنزم بنانا ہوگا، یہ بات باعث افسوس ہے کہ آج بھی ہماری کل آبادی کا بڑا حصہ صحت کی سہولیات تک رسائی سے محروم ہے۔ گورنر بلوچستان نے میڈیکل یونیورسٹیوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کہ لاہور اور کوئٹہ کی یونیورسٹیوں میں طبی تعلیم کے فروغ کیلئے باہمی تعاون لائق تحسین ہے اور اس بات پر یقین کا اظہار کیا کہ پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن بلوچستان چیپٹر کے قیام کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ صوبے بھر میں ہر یونین کونسل کی سطح پر بنیادی صحت ادارہ کا قیام اشد ضروری ہے۔

**شال بقیہ 7**

کمیٹی صوبائی کابینہ کمیٹی ضلعی صدور و جنرل سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں نوشکی چاغی واشک اور خاران کی تنظیمی رپورٹس پیش کیے گئے۔ اجلاس میں دسمبر میں واشک میں ریجنل کانفرنس تنظیم کاری وممبر شپ مہم۔ 8 نومبر کو بولان مائننگ، سینڈک ریکوڈک پروجیکٹس میں مقامی ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک۔ ناانصافی اور انتقامی کارروائیوں کے خلاف پریس کلبز کے سامنے احتجاجی مظاہرے سمیت متعدد فیصلے ہوئے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے رہنماں نے کہا کہ رخشان ریجن میں سیاسی سماجی اور امن وامان کی صورتحال پر تشویش ہے۔

**شال بقیہ 8**

انفراسٹرکچر، صحت و دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت نے اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے۔ اس مقصد کے لیے متعدد منصوبے شروع کئے ہیں۔ جنگی تکمیل سے لوگوں کا معیار زندگی بلند ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت معیاری تعلیم کے فروغ کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے اور صوبے میں میڈیکل، کیڈٹ، ریزیڈنشل کالجز کے علاوہ مختلف اضلاع میں یونیورسٹی کیمپسز بھی قائم کئے جا رہے ہیں جن سے دور دراز علاقوں کے طلباء اور طالبات مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیری صوبے کے ساحلی علاقے میں سب سے اہم معاشی سرگرمی ہے، جو روزگار، آمدنی پیدا کرتے اور ملکی جی ڈی پی میں حصہ ڈالتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ماہی گیری کے شعبے کے فروغ کیلئے اقدامات اٹھائے ہیں۔

**شال بقیہ 9**

پہنچتا کہ آزادی اظہار رائے کی آڑ میں کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری کرے، آج جو نفرت کے بیج بوئے جا رہے ہیں اس کے نتائج شدید ہوں گے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے فیس بک کے بانی مارک زکر برگ کو خط لکھا ہے اور ان پر واضح کیا کہ جب ہولوکاسٹ پر پابندی لگ سکتی ہے تو اسلام مخالف مواد پر بھی پابندی لگنی چاہیے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے فرانس کے صدر کی طرف سے گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیغمبر اسلام رحمتہ اللعالمین محمد ﷺ کی بے حرمتی کرنے اور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت سے پوری امت مسلمہ کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔

**شال بقیہ 10**

اور قادر علی نائل مشترکہ مذمتی قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ گزشتہ دنوں فرانس کے دارالخلافہ پیرس کے نواحی علاقے میں پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخانہ خاکے رکھا یا جانا نہ صرف قابل مذمت بلکہ فرانس میں بار بار گستاخانہ خاکوں کی اشاعت اور ترویج مسلم امہ کیلئے ناقابل برداشت عمل ہے علاوہ ازیں افسوسناک اور قابل حیرت کردار فرانس کے صدر کی جانب سے آیا ہے جو انتہائی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہوں نے گستاخانہ کو اظہار رائے کی آزادی کا نام دے کر اس کا دفاع کیا گیا جس کی وجہ سے مسلم دنیا کی نہ صرف دل آزاری ہوئی ہے۔

**شال بقیہ 11**

محمد ﷺ کی شان میں گستاخانہ خاکے شائع کرنے کے خلاف ایوان کی متفقہ قرارداد منظور کر لی گئی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر سے سپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں بی این پی کے اختر حسین لانگو نے اپنا توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر محکمہ مال کی توجہ گوادر کی اراضیات کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ صدرالدین ہاشوانی کو گوادر میں ساڑھے تین سو ایکڑ اراضی الاٹ کی گئی ہے جبکہ مذکورہ الاٹ کردہ اراضی گوادر ماسٹر پلان کا حصہ ہے اس کے باوجود مذکورہ زمین کسی شخص کو الاٹ کرنے کی کیا وجوہات ہیں۔

**شال بقیہ 12**

میں نیب کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس کے دوران ملک بھر کی مختلف فاضل احتساب عدالتوں میں نیب کے زیر سماعت ریفرنسز کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ نیب کے آپریشنز اور پراسیکیوٹر ڈویژنز نیب کے مقدمات کی ٹھوس شواہد، مستند دستاویزات اور گواہوں کے بیانات کی روشنی میں پوری تیاری کے ساتھ قانون کے مطابق پیروی کریں گے اس کے علاوہ شکایات کی تصدیق، انکوائریوں، اور انویسٹی گیشنز کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا جائزہ لیا گیا، نیب کی فورنزک سائنس لیبارٹری کو بھی مزید فعال بنانے کا فیصلہ کیا گیا مزید برآں نیب کے انویسٹی گیشن آفیسرز اور پراسیکیوٹرز کی صلاحیتوں کو عصر حاضر کے تقاضوں کے عین مطابق بنانے کیلئے آن دی جاب مختلف شارٹ کورسز ماہر اور تجربہ کار ماہرین کی زیر نگرانی ترتیب دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیئرمین نیب نے ہدایت کی کہ میگا کرپشن اور وائٹ کالر کرائم کے مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

**شال بقیہ 13**

کی کاروائی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی چلائیں گے جس میں موجودہ ملکی بین الاقوامی سیاسی صورتحال تنظیمی امور زیر بحث ہونگے پارٹی کے تمام معزز اراکین مرکزی کمیٹی کو ہدایت کی جاتی ہیں کہ وہ 29 اکتوبر بروز جمعرات صبح 10 بجے کو کوئٹہ میں منعقدہ مرکزی کمیٹی (سی سی) کے اجلاس میں وقت مقررہ پر اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

**شال بقیہ 14**

بھی عہدوں کا حلف اٹھانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بل کی مخالفت نہیں کی گئی، چیئرمین سینیٹ نے معاملہ متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوادیا۔ اجلاس کے دوران زینب الرٹ ترمیمی بل بھی سراج الحق کی جانب سے ایوان میں پیش کیا گیا۔ سراج الحق نے کہا کہ ترمیم کے تحت پولیس افسران کی غفلت ثابت ہونے پر شریک جرم بنانا ہے، جو بھی پولیس افسر غلط کام کرے اسے بھی سخت سزا دی جائے۔ علی محمد خان نے کہا کہ زینب الرٹ بل میں سزائے موت تجویز کی گئی تھی، بلاول بھٹو نے سزائے موت کی تجویز کی حمایت نہیں کی تھی، وزیراعظم سخت سزائیں تجویز کرانے کے خواہاں ہیں۔ حکومت کی جانب سے مخالفت نہ کرنے پر بل متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوا دیا گیا۔

**شال بقیہ 15**

حرف آخر نہیں ہے، ضرورت پڑنے پر سندھ حکومت کی مشاورت سے ترمیم بھی ہوسکتی ہے، عدالت نے اٹارنی جنرل پاکستان کے بیان کو ریکارڈ کا حصہ بناتے ہوئے درخواستوں کی مزید سماعت 13 نومبر تک ملتوی کردی۔ سندھ ہائیکورٹ میں سندھ کے جزائر کا انتظام وفاق کو دینے اور آرڈیننس کا تنازعہ عدالت نے گذشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا جزائر کے تنازعہ پر مزید دو درخواستیں بھی دائر کی گئی ہیں، عدالت نے نئی درخواست پر اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو نوٹس جاری کردیے، عدالت نے حکم دیا کہ درخواست گزاروں کو درخواست کی نقول اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو فراہم کرنے کی ہدایت کی، درخواست گزاروں کی جانب سے ڈویلپمنٹ ورک روکنے سے متعلق حکم امتناع کی استدعا کی گئی تھی دوسری جانب اٹارنی جنرل آف پاکستان نے ابتدائی دلائل دیے، اٹارنی جنرل آف پاکستان کا کہنا تھا کہ عدالت، وفاق اور صوبے کے درمیان تنازعے کی سماعت کا اختیار آئین کے آرٹیکل 184 کے تحت سماعت کا اختیار سپریم کورٹ کو ہے، وفاقی حکومت جزائر کے حوالے سے جاری آرڈیننس پر سندھ حکومت سے مشاورت کررہی ہے، سندھ حکومت کی مشاورت اور تعاون کے بغیر کوئی ترقیاتی کام شروع نہیں کئے جائیں گے، سندھ حکومت کے خدشات دور کیے جائیں گے، جزائر پر ترقیاتی کام سے قبل ماحولیات کا جائزہ لیا جائے گا اور مینگرویوز کو بھی محفوظ کیا جائے گا، آرڈیننس کا مقصد جزائر پر ترقیاتی کام ہیں، صدارتی آرڈیننس حرف آخر نہیں ہے، ضرورت پڑنے پر سندھ حکومت کی مشاورت سے ترمیم بھی ہوسکتی ہے، عدالت نے اٹارنی جنرل پاکستان کے بیان کو ریکارڈ کا حصہ بناتے ہوئے درخواستوں کی مزید سماعت 13 نومبر تک ملتوی کردی۔

**شال بقیہ 16**

ہوئے کہا ہے کہ لیگی رہنما سکیورٹی اداروں سے رابطہ کریں گے؟ جنہیں دھمکیاں ملیں، ان کے فون کا فرانزک کرائیں گے تاکہ دھمکی دینے والوں تک پہنچا جاسکے۔

**شال بقیہ 17**

حکومت کی اولین ترجیح ہے جسکیلیے تمام ادارے متحد ہو کر کام کر رہے ہیں اور پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوشش کرنیوالے عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائیگا۔ صدر پاکستان نے کہا کہ معاشی میدان میں بھی پاکستان تمام تر چیلنجز کے باوجود کامیابی کیساتھ آگے بڑھ رہا اور عالمی ادارے بھی پاکستان کی معاشی ترقی کا اعتراف کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان گلگت بلتستان اور فاٹا کے طلباء کے لئے سکالرشپ کا آغاز ایک تاریخی اور قابل تعریف اقدام ہے۔ گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں حکومت نے عوامی ترقی اور خوشحالی کے لیے احساس پروگرام اور نیا پاکستان ہاؤسنگ سکیم سمیت جتنے پروگرام شروع کیے ہیں ماضی میں انکی کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو معاشی طور پر دیوالیہ ہونے سے بچانے کا کریڈٹ بھی تحریک انصاف کی حکومت کو ہی جاتا ہے۔ گورنر پنجاب نے بتایا کہ کورونا کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے کورونا ہیروز وال اور آن گارڈن بنایا گیا ہے اور ایسے ہیروز کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی کورونا کے خطرات موجود ہیں اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ عوام میں کورونا سے بچاؤ کے لئے حکومتی پالیسی پر مکمل طور پر عمل کیا جائے۔

**شال بقیہ 18**

ایم ایس سول ہسپتال گوادر ڈاکٹر عبداللطیف دشتی، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر افسر سرتاج بگٹی، ڈبلیو ایچ او کے پولیو ایریڈیکشن افسر ڈاکٹر نوروز یعقوب اور چیف افسر میونسپل کمیٹی گوادر ایاز گورگیج شریک ہوئے، ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام فاروق ہوت نے پولیو انتظامات کے حوالے سے اے ڈی سی جنرل گوادر انیس طارق گورگیج کو بریفنگ میں بتایا کہ ضلع گوادر کے ساحلی علاقوں پسنی جیوانی کپر پشکان اور ماڑہ اور سرحدی علاقوں گبد کلاتو پاک ایران بارڈر 250 اور دیگر سرحدی ایریاز میں پولیو ویکسین کے حوالے سے خصوصی انتظامات بھی کئے گئے ہیں انہوں نے بتایا کہ ضلع گوادر کی مجموعی آبادی 212000 ہے اور ضلع گوادر میں پولیو ویکسین کے حوالے سے 36040 بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

**شال بقیہ 19**

کریں گے فری میڈیکل کیمپ کی نگرانی سماجی کارکن جمیل احمد محمد حسنی اور کوئٹی اس نس ویلفیئر سوسائٹی کے سربراہ خلیل احمد شادیزئی کریں گے انہوں نے قلات اور دیہی علاقوں کے لوگوں سے اس موقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کو کہا ہے۔

**شال بقیہ 20**

تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات کی عظیم تاریخ ہے۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ ان تعلقات کو پائیدار شراکت داری میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف سے ملاقات کے دوران ترکی کے وزیر دفاع کی جانب سے علاقائی امن میں پاکستان کے کردار کو سراہا گیا، ترک وزیر دفاع نے پاک فوج کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کوششوں کی بھی تعریف کی۔

**شال بقیہ 21**

اسسٹنٹ کمشنر سبی محمد اسماعیل مینگل نے کہا کہ سبی ہر میں تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا تجاوزات کی وجہ سے نہ صرف ٹریفک اور لوگوں کی روانی میں مشکلات درپیش ہیں بلکہ سبی شہر کا حسن بھی تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے انہوں نے کہا کہ سبی شہر کی خوبصورتی سڑکوں اور بازاروں کی صفائی ستھرائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور تجاوزات کے خلاف کاروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی انہوں نے تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد جگہوں پر قائم تجاوزات کو ہٹایا انہوں نے دکانداروں کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ تجاوزات سے باز رہیں بصورت دیگر ان کے خلاف اس سے بھی سخت کارروائی کی جائے گی انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ضلعی انتظامیہ سے اس ضمن میں بھرپور تعاون کریں۔

**شال بقیہ 22**

کچھ قربان کرنے کو تیار ہیں انجمن تاجران بلوچستان کے رہنماؤں نے ملک بھر تاجروں اور عوام الناس سے فرانس میں سرکاری سرپرستی میں توہین آمیز خاکوں کی نمائش کے خلاف بھرپور احتجاج ریکارڈ کرانے کی اپیل کی ہے مگر ایسے احتجاج سے گریز کریں جس میں اپنے ہی ملک کی املاک اور اپنے ہی ہم وطنوں کی جان و مال کو نقصان پہنچا کر جگ ہنسائی کا باعث بنیں ہمیں مہذب طریقہ سے پرامن احتجاج ریکارڈ کرا کر دنیا کفر پر یہ واضح کرنا ہوگا کہ اپنا سر تو کٹا دینگے مگر ناموس رسالت پر آنچ نہیں آنے دینگے۔

**شال بقیہ 23**

رخصت کی درخواستیں دی تھیں جنہیں ایوان نے منظور کر لیا۔

**شال بقیہ 24**

بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ضلعی افسر صحت ڈاکٹر آصف انور شاہوانی ودیگر احکام بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ قومی انسداد پولیو مہم 26 اکتوبر سے شروع ہوگی تھے، اس دوران ضلع بھر میں پانچ سال کے تقریبا ایک لاکھ پندرہ ہزار آٹھ سو چھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ اس مہم میں تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والوں اور والدین کی اخلاقی اور سماجی ذمہ داری ہے کہ بچوں کو پولیو کی بیماری سے بچانے کے لیے اپنا فعال کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ پولیو مہم میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی پولیو کے خاتمے کے لیے حکومت موثر اقدامات اٹھا رہی ہے۔

**شال بقیہ 25**

خود اعلان کرے کہ فرانس کے آشیانہ خریدے ملک بھر کے عوام اور تاجر برادری سب سے التماس ہے کہ فرانس کی بنی ہوئی تمام اشیاء کا بائیکاٹ کردیں اور فرانس کی بنی ہوئی کوئی بھی چیز چاہے میڈیسن ہی کیوں نہ ہو دوکانوں سے ضائع کردیں کیونکہ ہمیں اپنی جانوں اور اپنے مالوں سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس زیادہ عزیز ہے جتا کہ ہم اس وقت تک مسلمان (مومن) کہلا ہی نہیں سکتا جب تک ہم اپنا مال اور اپنی جانیں پیغمبر اسلام پر قربان نہ کریں مگر افسوس ہے کہ حکومت خاموش تماشا بن کر دیکھ رہے ہے حکومت فل فور فرانس کے سفیر کو ملک بدر کریں بصورت ہم ملک گیر احتجاج کا اعلان کرینگے اور تمام سوئے ہوئے اسلامی ممالک کو اب جاگ جانا چاہیے اور اللہ پاک کے عذاب سے بچنے کے لئے ناموس رسالت پر اگر نہیں جاگ گے تو پھر کب جاگیں گے۔

**شال بقیہ 26**

درمیان ٹکر ایک شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ پر ژلی کے مقام پر قائم پولیس چیک پوسٹ کے قریب سوراب جانیوالے مسافر ویگن کے ٹکر سے موٹر سائیکل سوار محمد افضل قلندرانی ولد محمد اعظم ساکن کلی دشت امبوکھڈ کوچہ جاں بحق ہوا۔ لاش کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کر دیا گیا حادثہ روڈ پر رکھے گئے بیرئرز کی وجہ سے پیش آیا۔

**شال بقیہ 27**

انہوں نے ٹوئٹر پر اپنے ایک جاری بیان میں لکھا کہ میرا کورونا وائرس کا 14 روز بعد دوبارہ ٹیسٹ کیا گیا جو کہ ایک بار پھر سے مثبت آیا ہے انہوں نے کہا کہ تمام لوگوں سے میری یہی درخواست ہے کہ وہ کورونا وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر پر عمل درآمد کریں ماسک کا استعمال کریں اور اگر انہیں کسی بھی قسم کی علامات ظاہر ہوں تو وہ اپنے آپ کو آئیسولیشن میں رکھیں انہوں نے کہا کہ ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہم اس بیماری کے پھیلاؤ کا سبب نہ بنیں۔

**شال بقیہ 28**

روپوش تھا، اسسٹنٹ کمشنر سبی میر اسماعیل مینگل کی جانب سے لیویز فورس کو کامیاب کاروائی پر شاباش تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کی خصوصی ہدایت پر اور اسسٹنٹ کمشنر سبی میر محمد اسماعیل مینگل کی زیر نگرانی میں گزشتہ رات انچارج لیویز لائن رسالدار محمد عارف مری اور انچارج لیویز تھانہ تلچک نائب رسالدار ریاض ڈوکی نے ہمراہ بھاری نفری تے مقدمہ نمبر 07/2017 لیویز تھانہ تلچک بجرم زیر دفعہ 302 ق۔ت، 147(2)، 148، 149، 506 ت پ میں مطلوب اشتہاری ملزم وحید الرحمن ولد عبدالحمید کو چھاپہ مار کر گرفتار کر لیا ملزم قتل لے مقدمہ میں تین سال سے لیویز کو مطلوب تھا اس سلسلے میں مزید تفتیش لیویز فورس کر رہی ہے۔

**شال بقیہ 29**

بحق دو افراد زخمی۔ تفصیلات کے مطابق تاریخی شہر بیلہ کے قریب ویلپٹ کے مقام پر مین RCD شاہراہ پر ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار سات سالہ بچہ محسن ولد نور محمد موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ دو افراد ملا نصیر ولد عبداللہ اور نور محمد ولد عبدالکریم شدید زخمی ہو گئے۔ بیلہ پولیس اور لیویز فورس بیلہ نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو سول ہسپتال بیلہ منتقل کیا اور ٹریلر کو اپنی تحویل میں لے کر تفتیش شروع کردی۔ زخمی اور جاں بحق اور زخمیوں کا تعلق بیلہ کے نواحی علاقے لنگڑا سے بتایا جاتا ہے۔

**شال بقیہ 30**

اور روپے کی قدر میں اضافہ ہوا ہے، سیمنٹ، کھاد، تعمیرات، آٹو موبیل اور ٹیکسٹائل سیکٹر میں بھی بہتری آرہی ہے۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ اسٹاک مارکیٹ میں تیزی اور روپے کی قدر میں اضافہ ہوا ہے۔ حماد اظہر نے کہا کہ سیمنٹ، کھاد، تعمیرات، آٹو موبیل اور ٹیکسٹائل سیکٹر میں بھی بہتری آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واضح طور پر معیشت کی بہتری کے اشارے ہیں، ٹیکس ریونیو میں اضافہ اور کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے۔

**شال بقیہ 31**

جلسے میں عزائم دکھا دیئے ہیں، ان کا اصل ہدف مال بچانا اور ریاست کو بلیک میل کرنا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ٹویٹر پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر علی زیدی نے کہا کہ پی ڈی ایم نے کشمیر میں مودی کی بربریت پر کسی نے زبان نہیں کھولی جس کا فائدہ مودی کو پہنچے گا، یقین ہے کہ سرکس والے اپنے آقا کو ناراض نہیں کرنا چاہتے۔ علی زیدی نے کہا کہ نانی اماں سمیت پورے گروہ میں سے کسی کے چہرے پر ندامت کے آثار نہیں ان کے رویے اور حرکتیں شرمناک ہی نہیں اس سے بھی بدتر ہیں۔ وفاقی وزیر نے مسلم لیگ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ نواز اینڈ کمپنی فوجیوں اور سرکاری افسروں کو احکامات نہ ماننے کی ترغیب دیکر بغاوت پر ابھار رہے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں وزیراعظم سمجھوتہ کریں گے نہ انہیں این آر او دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرکس والے ملک میں فساد و انتشار چاہتے ہیں، مودی کے نیچے بھارت کا جی ڈی پی منفی 10 فیصد تک گر چکا ہے۔

**شال بقیہ 32**

اخلاق احمد خان کی قیادت میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر ہاؤس میں گزشتہ روز ملاقات کی جس میں شعبہ صحت کے مختلف پہلوؤں اور نیم طبی عملے کو درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا وفد میں سید اسلام الدین شاہ بخاری، یوسف خان، صدر علی بخش گوپانگ، محمد رحیم شاہ، محمد بگل بھنور اور میڈیا کوآرڈینیٹر سول ہسپتال کراچی افضال احمد شامل تھے۔ اخلاق احمد خان نے صدر مملکت کو پیرامیڈیکل اسٹاف کے دیرینہ مسائل سے آگاہ کیا اور صدر مملکت کو چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کیں جس میں ان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹرز اور نرسنگ کونسل کی طرح پیرامیڈیکل کونسل کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ نیم طبی عملے کے مسائل کے حل کیلئے ہمیں دردر کے دروازے نہ کھٹکھٹانا پڑیں۔

**شال بقیہ 33**

مسلم لیگ نون کی رہنما مریم اورنگزیب کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ عوام کا سودا کرنے والے جعلی لیڈر آج مسیحائی کے دعویدار بن رہے ہیں۔ شہباز گل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جلسے کے بعد نون لیگ سمیت پی ڈی ایم کا جھوٹا پروپیگنڈا اپنے انجام کو پہنچا ہے، معیشت کو دیوالیہ کرنے والی نون لیگ معیشت پر بھاشن بند کرے۔ انہوں نے کہا کہ خسارے کو ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح 19 ارب 19 کروڑ 50 لاکھ ڈالرز چھوڑ کر جانے والے آپ تھے، معیشت کو آپ کے جعلی وزیر خزانہ نے 8 ارب ڈالر خزانے سے نکال کر تباہ کیا۔ شہباز گل نے کہا کہ اوپر سب اچھا دکھانے کے لیے ڈالر کو مصنوعی طریقے سے اسٹیبل رکھا گیا، 2013ء میں اسٹیبل ریٹڈ معیشت کو بڑی محنت سے 2018ء میں انہوں نے منفی ریٹنگ میں پہنچایا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ عمران خان نے عوام کو ان کے حق کیلئے لڑنا سکھایا، تمام عوامی حقوق جن پر آپ طعنے کس رہی ہیں عوام کو ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انڈوں کی بات وہ محترمہ کر رہی ہیں جنہوں نے سر سے انڈے گھما گھما کر خاندانی غلامی کا عہدہ پایا ہے۔

**شال بقیہ 34**

ناکام بنانے کی ہر ممکن کوشش کی اور خوف وہراس پھیلایا لیکن عوام نے ہزاروں کی تعداد میں جلسے میں شرکت کر کے حکومت کی تمام کوششوں کو ناکام بنا دیا انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے اشارے پر وزیراعظم آزاد کشمیر اور مجھ سمیت میرے قائد نواز شریف مریم نواز شریف اور دیگر لیگی رہنماؤں پر بغاوت کے مقدمات بنانے والے اپنا شوق ضرور پورا کریں اس طرز عمل سے بھارت خوش ہوا ہے اور بیرونی ممالک میں کیا میسج گیا اس سے کشمیر کے مسئلہ کو سخت دھچکہ لگا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے خلاف ماضی میں بھی آمرانہ ذہنیت رکھنے والوں نے اسی طرح کے مقدمات قائم کیے لیکن انھیں کچھ بھی ہاتھ نہیں آیا اور شرمندگی اٹھانا پڑی۔

**شال بقیہ 35**

اس سیل کی منظوری گزشتہ دنوں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ایک اجلاس کے دوران دی تھی، کاروبار کو سہل بنانے کا سیل اب مکمل فعال ہو چکا ہے، اس سیل کے ذریعے کاروباری افراد اور سرمایہ کاروں کو ایک چھت کے نیچے تمام سہولیات اور معلومات میسر ہونگی، یہ سیل باقی صوبوں میں پہلے سے موجود تھا جس کی بلوچستان میں بہت ضرورت تھی، وزیر اعلیٰ جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے اس پر پیشرفت کی اور صوبے میں پہلی مرتبہ اس طرح کا اقدام اٹھایا گیا، انہوں نے کہا کہ (Ease of Doing Business Cell) میں عالمی بینک کے کاروبار میں آسانی سے متعلق معیارات کو مدنظر رکھا گیا ہے، اہم پہلو یہ بھی ہے۔

**شال بقیہ 36**

میں ہی نہیں پورا سال آگاہی فراہم کرنے کی ضرورت ہے یہ مسئلہ صرف ترقی پذیر ممالک کا ہی نہیں بلکہ ترقی یافتہ ممالک بھی اس کی لپیٹ میں ہیں۔ ہر سال 3.1 ملین خواتین میں اس کی تشخیص ہوتی ہے اور ہزاروں خواتین موت کے منہ میں چلی جاتیں ہیں عالمی سطح پر شرح اموات % 4.3 ہے مگر پاکستان میں یہ سطح خطرناک حد تک یعنی % 45 ہے اس بیماری کے پھیلنے کی سب سے بڑی وجہ آگاہی کا نہ ہونا ہے۔ گورنر پنجاب کی اہلیہ بیگم پروین سرور نے کہا کہ خواتین بریسٹ میں ہونیوالی کسی بھی معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں خواتین کو چاہیے وہ فوری طور پر کسی مستند ڈاکٹر کو دکھائیں کیونکہ بریسٹ کینسر کا پاکستان میں بھی علاج ممکن ہے ڈاکٹرز کہتے ہیں ماں کو بریسٹ کینسر ہے تو بیٹی کو بھی ہوسکتا ہے۔ بیگم پروین سرور نے کہا کہ کینسر کی ایک بڑی وجہ ذہنی دباؤ اور ڈپریشن بھی ہے سرور فاؤنڈیشن خواتین میں آگاہی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے تمام خواتین کو چاہیے روزانہ کم از کم 5 منٹ اپنی ذات کے لئے تحقیق کریں تاکہ کسی بھی بیماری کی صورت میں بروقت تشخیص اور علاج سے زندگیاں بچائی جاسکیں۔

**شال بقیہ 37**

عوام نے موجودہ حکومت کے خلاف فیصلہ دے دیا پشاور کے جلسہ کے بعد پورے ملک کے عوام کا موجودہ حکومت پر عدم اعتماد ہو جائے گا پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسوں میں لاکھوں عوام کی شرکت موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکومت کے خلاف ریفرنڈم کی حیثیت رکھتی ہے قبل اس کے عوام کا ریلا اسلام آباد کی طرف رواں دواں ہو سلیکٹڈ عمران خان نیازی کو خود اقتدار سے الگ ہو جانا چاہیے، کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے جلسے میں بھرپور شرکت کرکے حکومت پر عدم اعتماد کرتے پر عوام کے شکر گزار ہیں۔

**شال بقیہ 38**

بلوچستان کے عوام نے اپنا فیصلہ سنادیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے احتساب کو ذاتی انتقام میں تبدیل کر دیا ہے عوام کو تبدیلی کا نعرہ دیکر حکومت آج کسی اور کے ایجنڈے پر چل رہی ہے پی ڈی ایم ملک کی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے ہم ملک میں آئین کے تحفظ کیلئے میدان جنگ میں نکلے ہیں انہوں نے کہا کہ فرانس کے صدر میکرون نے ہمارے نبی پاک ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والے کی وکالت کرتے ہوئے اسے اظہار رائے سے جوڑنے کی پالیسی بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ کا اچھا ردعمل آیا ہے اور ترکی کے صدر نے پوری امت کی ترجمانی کا حق ادا کیا جس پر ہمیں فخر ہے۔

**شال بقیہ 39**

پامالی کے حوالے سے بین الاقوامی تقریری مقابلے کا انعقاد قابل ستائش ہیں، تقریری مقابلے کے شرکاء کو خوش آمدید کہتے ہیں، مسئلہ کشمیر پر تقریری مقابلہ بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ علی امین گنڈہ پور نے کہا کہ ایسے مقابلوں سے بین الاقوامی عوامی رائے عامہ کا بہتر اندازہ ہوتا ہے، مقبوضہ کشمیر پر بھارت کی فوج کشی، غیر قانونی قبضہ اور تسلط قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے، لاکھوں کشمیریوں کو شہید اور ہزاروں خواتین کو بیوہ کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں سینکڑوں خواتین کو برسوں سے اپنے خاوندوں سے متعلق کوئی اطلاق نہیں ہے، کشمیری اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے عزم واستقامت سے کھڑے ہیں۔

**شال بقیہ 40**

ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوستان بھر اور خاص کر قلعہ سیف اللہ میں بے منٹ مافیا نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے مختلف طریقوں سے عوام کو بے منٹ میں پھنسایا جاتا ہے ایک لاکھ روپے اودھار دیکر مقررہ تاریخ پر واپس نہ کرنے پر اسے ڈبل کر دیتے ہیں جو کئی لاکھ تک پہنچ جاتے ہیں قلعہ سیف اللہ اور ژوب میں بے منٹ مافیا نے عوام کی جائیدادیں ضبط کرنا شروع کر دی ہیں بے منٹ مافیا کے کارندے کم عمر نوجوانوں اور بے خبر افراد کو اپنے جال میں پھنساتے ہیں حکومت فوری طور پر اسکا نوٹس لیتے ہوئے منٹ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لائے تاکہ لوگوں کے گھر اجڑنے سے بچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد منشیات کی لعنت کا شکار ہو رہی ہے حکومت منشیات فروشوں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائے اور نوجوانوں کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے دور رکھنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرکے نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع فراہم کرے۔

**شال بقیہ 41**

، فیروز آباد، ایچ پی ٹی، سول کالونی پیر عمر فیڈر روں سے صبح 9 بجے سے ایک بجے دن تک جبکہ قلعہ عبداللہ اور زرد غلام جان گرڈ اسٹیشن سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ زحمت کے لئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت کی گئی ہے۔

**شال بقیہ 42**

سے آزادی اظہار کی آڑ کے تحت منظم اسلاموفوبک مہم کی مذمت کی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان چند ممالک میں بعض غیر ذمہ دار عناصر کے ذریعہ توہین رسالت اور قرآن پاک کی بے حرمتی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسلام کو دہشت گردی سے مساوی کرنے کے اور سیاسی فوائد کے لئے انتہائی پریشان کن بیانات پر تشویش ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نسل پرست نظریات کا پھیلاو، دوسرے مذاہب کی تضحیک، مذہبی شخصیات کی توہین، نفرت انگیز تقریر اور تشدد پر اکسانے کی اس بنیادی آزادی کے اظہار کی اجازت نہیں ہے۔

**شال بقیہ 43**

سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ خواتین نے ثوبیہ کرن کبزئی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ ثوبیہ کرن کبزئی نے کہا کہ بی اے پی بلا رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ پارٹی تمام اقوام سے تعلق رکھنے والے افراد کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے جب سے حکومت سنبھالی ہے عوام کے مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت خواتین کو بااختیار اور ہنرمند بنانے کیلئے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ملک کی آبادی کا آدھا حصہ ہے جنہیں ترقی کے مواقع دیئے بغیر ملک اور صوبہ ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال کی ذاتی کوششوں سے صوبے میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا ہے اور ترقیاتی منصوبے زمین پر نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور دھنیش کمار صوبے میں آباد اقلیتوں کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں اور انکی ذاتی کوششوں سے اقلیتوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔

**شال بقیہ 44**

اختر حسین لانگو، میر اکبر مینگل، احمد نواز بلوچ، مولوی نور اللہ، زینت شاہوانی ایڈووکیٹ، شکیلہ نوید دہوار کے ہمراہ ہنگامی پریس۔

**شال بقیہ 45**

ایک مشترکہ بیان میں کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے کامیاب جلسے کے انعقاد پر پی ڈی ایم کے قائدین اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کی تاریخ میں اتنے بڑے جلسے نے یہ ثابت کردیا کہ بلوچستان کے لوگ موجودہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں سے تنگ آچکے ہیں انہوں نے کہا کہ جلسے سے قبل کرائے کے ترجمان یہ کہہ رہا تھا کہ چند ہزار لوگ آئیں گے جب ہزاروں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر کو دیکھ کر ترجمان نے اپنے رائے دینے سے انکار کر دیا جلسے کو ناکام بنانے کیلئے تمام تر مشینری استعمال کیا گیا موبائل نیٹ ورک بند کیا گیا کوئٹہ آنے والے تمام راستوں کو بند کیا گیا عوام کو جلسے میں شرکت نہ کرنے کیلئے مختلف حربے استعمال ہوئے مگر پی ڈی ایم میں شامل تمام جماعتوں کے کارکنوں اور بلوچستان کے باشعور عوام نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کر کے یہ ثابت کردیا کہ حق اور سچ کی بات کرنے کیلئے دنیا کی کوئی طاقت ہمیں روک نہیں سکتی انہوں نے کہا کہ بی این پی کے مختلف اضلاع کے کارکنوں نے اپنے قائد سردار اختر جان مینگل کے حکم کی تابعداری کر کے جلسے میں شرکت کر کے پارٹی کا پرچم بلند رکھا۔

**شال بقیہ 46**

ٹرین ساڑھے 7 بجے ڈیرہ گجراں سے روانہ ہوئی جس نے 1.27 کلومیٹر کا سفر 45 منٹ میں طے کیا۔ مسافروں نے ٹرین میں بیٹھ کر شہر خصوصاً تاریخی عمارات کا نظارہ بھی کیا اور موبائل سے ویڈیوز اور تصاویر بھی بناتے رہے جبکہ نوجوان ٹرین میں سفر کے دوران سیلفیاں بناتے رہے۔ جی ایم آپریشن ماس ٹرانزٹ اتھارٹی سید عزیز شاہ نے کہا کہ کہا کہ نیا پراجیکٹ ہے جو مسائل سامنے آرہے ہیں جنہیں فوری طور پر حل کر رہے ہیں، منصوبے کو آپریشنل ہونے کے بعد پہلے روز ہی شہریوں کی جانب سے زبردست پذیرائی ملی ہے۔

**شال بقیہ 47**

کا اظہار کرتی ہے، فرانس میں لگائے گئے توہین آمیز خاکوں کی وجہ سے تمام مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، پیارے نبی محمد ﷺ کی شان میں گستاخی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، فرانسیسی سفیر کو فوری ملک بدر کیا جائے اور فرانس کے ساتھ فوری سفارتی تعلقات ختم کیے جائیں۔ وفاقی حکومت اقوام متحدہ کے سامنے اس مسئلے کو اٹھانے کے لئے اقدامات کرے۔

**شال بقیہ 48**

گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کاسی قومی اتحاد کی پہلی سالگرہ کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں کاسی قومی اتحاد کی پہلی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کاسی قوم کوئٹہ سمیت ملک کے کونے کونے میں آباد ہے اور قوم بہت سے مسائل سے دوچار ہے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کاسی قومی اتحاد کا قیام آج سے ایک سال قبل عمل میں لایا گیا تھا جس کا مقصد عوام کے مسائل کو حل کرنا تھا کاسی قومی اتحاد نے قوم کو درپیش کئی مسائل کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاسی قوم کاسی قومی اتحاد کے پلیٹ فارم پر متحد ہو جائیں تاکہ قوم کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مشترکہ آواز بلند کر سکے۔ انہوں نے کاسی قومی اتحاد کی پہلی سالگرہ پر کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کارکن آپس میں اتحاد و اتفاق کو برقرار رکھیں وہ دن دور نہیں جب کاسی قومی اتحاد کے پلیٹ فارم سے قوم کے مسائل حل ہونگے۔

**شال بقیہ 49**

کو پولیو کے قطرے پلا کر تین روزہ ایڈیشنل مہم کا افتتاح کر دیا افتتاحی تقریب میں ڈی ایچ او پنجگور ڈاکٹر عابد ریکی ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر انور عزیز ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر بہناز بلوچ ڈاکٹر صفیر احمد ڈاکٹر ظفر اللہ بلوچ ڈاکٹر عبدالغفار ڈاکٹر طارق بلوچ فوکل پرسن حاجی ناصر ڈی ایس وی حبیب اللہ اور دیگر موجود تھے اس دوران ڈی ایچ او ڈاکٹر عابد ریکی اور ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر بہناز بلوچ نے افتتاحی مہم کے دوران میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل مہم کا مقصد ملک کے مختلف علاقوں میں پولیو کیسز رپورٹ ہونے پر شروع کیا گیا ہے۔

**شال بقیہ 50**

روایتی وڈیروں جاگیرداروں اور سرمایہ دار سیاستدانوں سے جان چھڑوانی ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اللہ یار میں حاجی محمد ایوب بگٹی، حاجی خان بگٹی اور رحیم بخش بگٹی کی اپنی برادری سمیت جماعت اسلامی میں شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں حاجی محمد ایوب بگٹی ودیگر نے بلوچستان عوامی پارٹی کو خیرآباد کرکے انجینئر عبدالمجید بادینی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے باضابطہ طور پر جماعت اسلامی کی حمایت کا اعلان کیا انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ روایتی وڈیرہ شاہی سوچ کے حامل سیاستدان علاقے کو پسماندہ رکھ کر اپنے مفادات کی تکمیل چاہتے ہیں عوام کے مسائل اور مشکلات سے انہیں کوئی سروکار نہیں ہمیں مڈل کلاس طبقے سے اپنا نمائندہ منتخب کرنا ہوگا عوام کو جھوٹے وعدوں اور دلاسوں سے اب بہلایا نہیں جاسکتا وڈیرہ شاہی سوچ کے مخالف جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم پر متحد ہو رہے ہیں جو کہ خوش آئند ہے علاقے کی حقیقی ترقی اور خوشحالی کے لیے جماعت اسلامی میں شامل ہونے والوں کو دل سے خوش آمدید کہتے ہیں ہماری جدوجہد متوسط طبقے کی بالادستی اور علاقے کی ترقی کے لیے ہے۔

**شال بقیہ 51**

صحت کے تعاون سے گوٹھ میر بہادر خان مینگل میں بنیادی مرکز صحت کے افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر حماد اللہ زہری پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر شاہجہان مینگل، ڈی ایس ایم جھل مگسی فیصل اقبال کھوسہ ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر حماد اللہ زہری ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر سلیم خان کھوسہ کمشنر کے فوکل پرسن امداد علی ابڑو ڈاکٹر مٹھا خان مینگل میر رشید مینگل حاجی احمد سلطان لہڑی میر جان مینگل ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر منظور احمد ابڑو سمیت دیگر افراد موجود تھے ڈی ایس ایم شاہجہان مینگل نے بی ایچ یو کے قیام کے متعلق کمشنر کو تفصیل سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ بی ایچ یو بہادر خان مینگل میں ماہانہ کی بنیاد پر ایک ہزار کے قریب او پی ڈی جاری ہے۔

**شال بقیہ 52**

سے گیس پریشر غائب ہے گیس حکام اور قلات کے نمائندے بھی اس مسئلے پر توجہ نہیں دے رہے ہیں اب ہم مجبور ہو کر اسلام آباد کا رخ کریں گے اس سلسلے میں ہم نے دیگر جماعتوں زمینداروں سے بھی رابطہ کیا ہے وہ بھی اس احوالے سے ساتھ دینے کی یقین دلایا ہے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ہر سیاسی جماعت سے دو دو نمائندے مل کر اسلام آباد جائیں گے اور گیس کمپنی کے خلاف دھرنا دیں گے جب تک قلات میں گیس پریشر بحال نہیں ہوگی احتجاج جاری رہے گی اور مشاورت کے بعد سخت احتجاج کی کال دیں گے جس کی تمام ذمہ داری سوئی گیس کمپنی کے حکام پر ہوگی۔

**شال بقیہ 53**

خاران کے پرامن ماحول کو جملہ مفادات سے مقدم سمجھتے ہوئے یہ واضح کرتے ہیں کہ ایسے حرکت میں سازشی عناصر و سوچ والے ملوث ہوسکتے ہیں جو مسئلے کے پرامن حل کے خلاف ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خاران ہمارا گھر ہے ایسے مکروہ عزائم کو خواہاں عناصر کے ایسی بزدلانہ حرکت کو خاران واہل خاران پر حملہ تصور کرتے ہوئے اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔

**شال بقیہ 54**

معشوق بلوچ، عبدالمجید ہنگورئی و دیگر نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی میں مردوں کو دفنانے کے لئے جگہ ناپید ہو گئی شہر میں دس بڑے قبرستان مکمل طور پر بھر چکے ہیں لوگ اپنے پیاروں کو دفنانے کے لئے دوسرے شہروں کا رخ کرنے لگے جس سے لوگ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے کہا کہ سابق ڈی سی نصیر آباد نے شہر سے باہر 16 ایکڑ پر مشتمل اراضی قبرستان کے لئے وقف کر دی جس میں کچھ حصہ شہر کے اقلیتی برادری کے لئے مختص کی گئی لیکن قبضہ مافیا نے اس پر اپنا قبضہ کر لیا اس مسئلہ کو انتظامیہ حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرے تاکہ شہر کے لوگ اپنے پیاروں کو دفنانے کے لئے دربدر نہ ہونا پڑے۔

**شال بقیہ 55**

غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ اپنے نبی کی خاطر جان دینے کیلئے تیار ہے اور کوئی بھی ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان اس حرکت کو برداشت نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ فرانسیسی صدر کی جانب سے خاکے بنانے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ مظاہرے کے اختتام پر فرانسیسی جھنڈا اور صدر کی تصویر نذر آتش کی گئی۔

**شال بقیہ 56**

مسلم لیگ (ن) نے تمام عہدیداران، اراکین اسمبلی اور کارکنوں کو قیادت سے اظہار یکجہتی کے لئے احتساب عدالت پہنچنے کی ہدایت کی ہے۔

**شال بقیہ 57**

کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ تندور والوں کو فوری نیا ریٹ دیا جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں آٹے، گیس کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کی وجہ سے تندور مالکان کو نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ضلعی انتظامیہ نے آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کو 2016ء میں فی روٹی 20 روپے فروخت کرنے کا نرخ نامہ دیا گیا تھا آج پانچ سال گزرنے کے باوجود میں روٹی 20 روپے میں فروخت کر رہے ہیں جبکہ آٹے کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے لہذا ضلعی انتظامیہ فوری طور پر تندور ایسوسی ایشن کو فی روٹی 30 روپے میں فروخت کرنے کی اجازت دے۔ انہوں نے آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد نعیم خان خلجی اور صدر حاجی رضا محمد خلجی کو بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

**شال بقیہ 58**

کر پولیو مہم کا افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ فوکل پرسن عبدالسلام زہری، آصف ترین، ڈاکٹر سید نواز شاہ اور دیگر بھی موجود تھے ڈی ایچ او مستونگ نے بتایا کہ اس مرتبہ پینتالیس ہزار سے زاہد بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف ہے اسکے لئے 26 یوسی ایم اوز، 54 ایریا انچارجز، 21 فکس سائٹس، 15 ٹرانزٹ پوائنٹس 236 ٹیمیں کام کریں گی جبکہ حالیہ کورونا وائرس کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام تر حفاظتی اقدامات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے اس حوالے سے تمام ہیلتھ ورکرز و رضا کاروں کو بھی خصوصی ٹریننگ دی گئی ہے علاوہ ازیں مارچ کے بعد سے کورونا وائرس کے باعث پولیو مہم متاثر ہوا ہے جس سے پولیو وائرس پھیلنے کا سخت اندیشہ ہے اور کئی علاقوں میں معصوم بچے متاثر ہو چکے ہیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مستونگ ڈاکٹر سردار امیر محمد نگی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے معصوم بچوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کر کے اپنے ارد گرد کے لوگوں کے بچوں کو بھی اس وائرس سے مستقل طور بچانے کے لیے کردار ادا کریں۔

**شال بقیہ 59**

کے عہدے پر فائز تھے۔ پاکستان کسٹمز کے سینئر افسیر ہے۔ اور کسٹمز میں وسیع تجربہ رکھتے ہے۔ بلوچستان میں ڈائریکٹر ٹرانزٹ رہے چکے ہے۔ صوبے کے طول و عرض سے بہ خوبی واقع ہے۔

**شال بقیہ 60**

پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن ضلع کچھی کے صدر محمد رفیق ہنگورئی، سرور بولانی اور دیگر نے بھی بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر لیاقت علی رند نے اس موقع پر صحافیوں کو مہم کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مہم کے دوران 267 موبائل ٹیمیں، 65 ایریا انچارج، 34 یوسی ایم، 12 ٹرانزٹ پوائنٹس، 33 فکس سنٹرز تشکیل دی گئی ہیں عوام انسداد پولیو مہم میں پولیو رضا کاروں کے ساتھ ہر ممکن مدد اور تعاون کریں بچوں کو پولیو وائرس سے بچاؤ کے قطرے قومی فریضہ سمجھ کر پلائی جائے مہم کی کامیابی معاشرے سے پولیو وائرس کے خاتمے کی کامیابی ہے جس کیلئے عملی اقدامات اٹھانے ہونگے۔

**شال بقیہ 61**

کی آواز کو دبایا نہیں جاسکتا۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر تہمینہ دولتانہ، ایم این اے میاں ثاقب خورشید، سابق صوبائی وزیر نعیم خان بھابھہ بھی موجود تھے۔ بلیغ الرحمان کا کہنا تھا کہ حکومت نے مہنگائی پر کیا کنٹرول کرنا ہے وہ آج تک خود پر کنٹرول نہیں پاسکی۔ پی ڈی ایم کی تحریک حکومت کے منطقی انجام کی طرف بڑھ رہی ہے سلیکٹیڈ حکومت کا خاتمہ کا دن قریب آتا جارہا ہے ان کا کہنا ہے کہ گستاخانہ خاکوں پر پوری قوم ایک پیج پر ہے لیکن حکومت اس کو سیاسی ایشو بنانا چاہتی ہے لیکن قوم اب سب کچھ جان چکی ہے اس موقع پر سابق وفاقی وزیر بیگم تہمینہ دولتانہ نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نہ صرف بلدیاتی انتخابات بلکہ جنرل الیکشن کیلئے بھی تیار ہے لیکن حکمران انتخابات سے خوفزدہ ہیں ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے قتل وغارت، چوریوں اور ڈکیتیوں کی وارداتیں بڑھ رہی ہیں۔ حکمران صرف مسلم لیگ ن کی قیادت سے خائف ہیں یہی وجہ ہے کہ وزیراعظم سمیت تمام وزرا کی چیخیں نکل رہی ہیں۔


## VACANCY ANNOUNCEMENT

Applications are invited on prescribed for the candidates (male/female) having Local/Domicile of Balochistan for the following posts. Only those candidates are eligible to apply who fulfill the educational qualification, experience and skills mentioned for the posts. The posts will be filled in accordance with the High Court Establishment (Appointment and Condition of Service) Rules, 2020:

| S.# | Name of Post with grade | No. of Post | Age | Required Qualification & Experience |
|---|---|---|---|---|
| 01. | Architect (BPS-17) | 01 | 18 to 30 Years | BS (Architecture) and having PCATP registered license with two years experience in relevant field, skills of site management, site survey, drawings etc. |
| 02. | Personal Assistant (BPS-17) | 05 | 18 to 30 Years | Graduation with shorthand speed of 120 words per minute and type writing speed of 50 w.p.m. |
| 03. | Assistant Accounts Officer (BPS-16) | 01 | 18 to 30 Years | At least, 2nd Class M.B.A (Banking or Finance) /M.Com/Masters in Economics with 05 years experience in relevant field, Computer skills with MS excel expert. |
| 04. | Assistant (BPS-16) | 03 | 18 to 30 Years | 2nd Class Graduate with Computer MS Office knowledge with 3 years experience. |
| 05. | Accountant (BP-15) | 01 | 18 to 30 Years | At least 2nd Class M.B.A (Banking or Finance)/M.Com/Masters in Economics with 03 years experience in relevant field Computer skills with MS excel expertise. |
| 06. | Assistant Accountant (BPS-14) | 01 | 18 to 30 Years | 2nd Class Graduation with Economics/B.Com with one year Accounts experience and basic Computer knowledge including MS office. |
| 07. | Assistant Computer Operator (BPS-13) | 10 | 18 to 30 Years | 2nd Class BCS/ BS (CS) having experience in relevant field. |
| 08. | Data Entry Operator (BPS-13) | 02 | 18 to 30 Years | 2nd Class BCS/ BS (CS) having experience in relevant field. |
| 09. | Media Coordinator (BPS-13) | 01 | 18 to 30 Years | 2nd Class Graduation with 6 months Computer /IT Diploma with expertise in Coral draw, Adobe Photoshop having atleast 3 years experience of publication working with print/electronic media with the skills of photographic coverage and English and Urdu Typing. |
| 09. | Junior Clerk (BPS-11) | 05 | 18 to 30 Years | Intermediate and MS-Office with typing with speed of 40 wpm. Computer literate will be given preference. |
| 10. | Tracer (BPS-04) | 01 | 18 to 30 Years | Intermediate with experience of site survey (Site documentation with linen tape). |
| Total: | | 31 | - | - |

Interested candidates should send their applications form along with two recent passport size photograph, attested copies of CNIC along with copies of educational and experience certificates to the Deputy Registrar, Administration Branch of High Court of Balochistan, Quetta. Candidates applying through proper channel must attach departmental N.O.C with application form. Last date for submission of application forms **09.11.2020.** Prescribed form can be obtained from Administration Branch of High Court of Balochistan during office hours or visit official website www.bhc.gov.pk. The short listed candidates will have to undergo a written test/interview. No TA/DA will be admissible. In the case of a person who is already in Government service, the upper age limit shall be 35 years, subject to the condition that he has rendered three years satisfactory service in Government department. The number of posts can be increased or decreased. *5% quota will be observed for disabled.

**REGISTRAR**
**HIGH COURT OF BALOCHISTAN**

**PRQ No.965/26-10-10-2020**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta

4

27 اکتوبر 2020ء

روزنامہ شال کوئٹہ

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر سرد علاقوں میں موسم سرما کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## قانون کو مطلوب عوام کو گمراہ کرنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں، وزیر اطلاعات

**سیاسی مفاد کی خاطر بعض سیاسی جماعتیں عوام کو قومی اداروں کے خلاف بھڑکانے کی غلطی کر رہی ہیں سینیٹر شبلی فراز**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ قانون کو مطلوب عوام کو گمراہ کرنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قانون کو مطلوب عوام کو گمراہ کرنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنے سیاسی مفاد کی خاطر بعض سیاسی جماعتیں عوام کو قومی اداروں کے خلاف بھڑکانے کی غلطی کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو کسی بھی ملک کی بقاء اور سلامتی کی بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں۔

## کوئٹہ کی تاریخ میں اتنے بڑے جلسے نے ثابت کر دیا کہ بلوچستان کے لوگ موجودہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں سے تنگ آچکے ہیں، محمد بخش بلوچ

دالبندین (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ چاغی کے سابق جنرل سیکرٹری محمد بخش بلوچ بی این پی ڈسٹرکٹ کونسل کے سابق انفارمیشن سیکرٹری اسد سفیر شاہوانی انجینئر زاہد رند ملک شاہد شاہوانی بی این پی تحصیل دالبندین کے جنرل سیکرٹری مصطفی کمال ریکی شیر دل سالاٹی و دیگر نے اپنے بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

## ڈی ایچ او چاغی ڈاکٹر لیاقت علی رند نے اپنے دفتر میں پانچ روزہ انسداد پولیومہم کا افتتاح بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر کر دیا

بولان (این این آئی) ڈی ایچ او چاغی ڈاکٹر لیاقت علی رند نے اپنے دفتر میں پانچ روزہ انسداد پولیومہم کا افتتاح بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر کر دیا مہم کے دوران ضلع بھر کے 69609 پانچ سال تک کی عمر کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا ٹارگٹ مقرر ہے ڈی ایس وی چاغی فضل احمد باروزئی، بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

## عمران صاحب اور سلیکٹڈ ٹولہ گھر جانے کی تیاری کرے، عوام نے آپ کو گھر بھیجنے کا پلان بنالیا ہے، مریم اورنگزیب

**عمران صاحب اب عوام آپ کے دھوکوں، جھوٹوں، فریب اور دھوکہ میں نہیں آنے والے، ترجمان مسلم لیگ (ن) کا بیان**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اعظم عمران خان کے ٹائیگر سٹی پلان کی وڈیو ٹویٹ کرنے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران صاحب اور سلیکٹڈ ٹولہ گھر جانے کی تیاری کرے، عوام نے آپ کو گھر بھیجنے کا پلان بنالیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران صاحب اب عوام آپ کے دھوکوں، جھوٹوں، فریب اور دھوکہ میں نہیں آنے والے۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب پلان تو آپ کا آئی ایم ایف جانے پہ خودکشی کرنے کا تھا؟۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب آپ کا پلان تو ایک کروڑ نوکریاں، پچاس لاکھ گھر بھی دینے کا تھا؟ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب پلان تو آپ کا کسی سے بھیک نہیں مانگوں گا بھی تھا، پورے ملک کو بھکاری بنادیا۔

# خواتین بریسٹ میں ہونیوالی کسی بھی معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں، ثمینہ علوی

**بریسٹ کینسر ایک خطرناک بیماری ضرور ہے چند حفاظتی اقدامات سے اس مرض کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے' تقریب سے خطاب**

**خواتین بریسٹ میں ہونیوالی کسی بھی معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں فوری طور پر کسی مستند ڈاکٹر کو دکھائیں' پروین سرور**

لاہور (این این آئی) صدر پاکستان کی اہلیہ بیگم ثمینہ علوی نے کہا کہ بریسٹ کینسر ایک خطرناک بیماری ضرور ہے لیکن چند حفاظتی اقدامات سے اس مرض کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے اور یہ بات خوش آئند ہے کہ پاکستان میں ڈاکٹرز، سول سوسائٹی اور این جی اوز سمیت دیگر اداروں نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے بارے میں بہت زبردست کام کیا ہے اس آگاہی مہم میں میڈیا کا بھی بہت مثالی کردار رہا ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''بریسٹ کینسر آگاہی مہم'' کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔صدر پاکستان کی اہلیہ نے کہا کہ بریسٹ کینسر کے حوالے سے آگاہی صرف اکتوبر کے مہینے بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

لورالائی، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی عطاء المنعم بلوچ لورالائی میونسپل کمیٹی کی زیر تعمیر مارکیٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

## چار اور چاردیواری پر حملہ بلوچی روایات کے منافی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء واجہ محمد اکرم بلوچ

ماشکیل (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء واجہ محمد اکرم بلوچ نے ایک مذمتی بیان میں سردار مرتضی کیدانی کے گھر پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ چار اور چاردیواری پر حملہ بلوچی روایات کے منافی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ ہم بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

## پی ڈی ایم کے تین جلسوں سے ہی حکومت لڑکھڑا گئی اور دھمکیوں پر اتر آئی ہے عظمی بخاری

**جمہوریت کی قدر صرف جمہوریت کیلئے جیلیں کاٹنے ،جلاوطن ہونے والوں اور پھانسی پر چڑھنے والوں کو ہوسکتی ہے**

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی ترجمان عظمی بخاری نے کہا ہے کہ چوہان صاحب پی ڈی ایم نے ابھی تین جلسے کیے اور حکومت لڑکھڑا گئی ہے، دھمکیوں پر اتر آئے ہیں، گوجرانوالہ اور کوئٹہ جلسے کو ناکام کرنے کیلئے دونوں شہروں کا لاک ڈاؤن کیا گیا، لاکھوں پاکستانیوں نے جلسہ گاہ پہنچ کر بتادیا کہ ہم اس جعلی حکومت کو نہیں مانتے۔عظمی بخاری نے فیاض چوہان کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کی قدر صرف جمہوریت کیلئے جیلیں کاٹنے ،جلاوطن ہونے والوں اور پھانسی پر چڑھنے والوں کو ہوسکتی ہے۔

## قلات میں گیس کی عدم دستیابی کے خلاف اسلام آباد میں احتجاج کر کے دھرنا دیں گے، میر قادر بخش مینگل

قلات (این این آئی) بی این پی ضلع قلات کے صدر میر قادر بخش مینگل نے کہا ہے کہ قلات میں گیس کی عدم دستیابی کے خلاف اسلام آباد میں احتجاج کر کے دھرنا دیں گے قلات میں میڈیا سے گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

## نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی کے دس بڑے قبرستان مکمل طور بھر چکے ہیں، احمد حسین مینگل

**لوگوں کو اپنے پیاروں کو دفنانے کے لئے دوسرے شہر کا رخ کرنا پڑ رہا ہے' بیان**

نصیرآباد (این این آئی) نصیرآباد کے ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی کے دس بڑے قبرستان مکمل طور بھر چکے ہیں لوگوں کو اپنے پیاروں کو دفنانے کے لئے دوسرے شہر کا رخ کرنا پڑ رہا ہے سابق ڈی سی نصیرآباد کی جانب سے شہر سے باہر قبرستان ہے مختص اراضی پر قبضہ مافیا نے اپنا قبضہ جما رکھا ہے ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیو ایم پاکستان نصیرآباد زون کے انچارج احمد حسین مینگل، جوائنٹ انچارج بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

## پاکستان کی دال اور مٹن بہت پسند ہیں، گرانٹ بریڈ برن

**پاکستان ٹیم کے ساتھ 18 ماہ گزارنا اعزاز اور ہائی پرفارمنس سینٹر میں نئی ذمہ داریاں نبھانے پر فخر ہے، سابق فیلڈنگ کوچ**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق فیلڈنگ کوچ اور ہیڈ آف ہائی پرفارمنس کوچنگ گرانٹ بریڈ برن نے کہا ہے کہ پاکستان کی دال اور مٹن بہت پسند ہیں، پاکستان ٹیم کے ساتھ 18 ماہ گزارنا اعزاز اور ہائی پرفارمنس سینٹر میں نئی ذمہ داریاں نبھانے پر فخر ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی کرکٹرز کی فیلڈنگ اس وقت تک بہتر نہیں ہوسکتی جب تک ان کی فٹنس بہتر نہیں ہو جاتی۔ گرانٹ بریڈ برن نے کہا کہ پاکستان ٹیم کی رننگ وہ نہیں ہے جتنا کرکٹرز میں ٹیلنٹ ہے۔

## آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ ہے کہ تندور والوں کو گیس کی فراہمی یقینی بنایا جائے، سردار جبار خان خلجی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صراف ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی، سرپرست اعلی حاجی علی محمد صراف، صدر عبدالہادی صراف، سینئر نائب صدر میر ندیم شاہوانی صراف، جنرل سیکرٹری علی رضا صراف، پریس سیکرٹری صاحبزادہ صراف نے آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

## جڑواں شہروں میں بسنے والے قومی کرکٹرز کی پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم سے جڑی یادیں

**خوش قسمتی سے اپنے ہوم گراؤنڈ پر ہی پاکستان کی نائب کپتانی کا اعزاز حاصل ہو رہا ہے' شاداب خان**

**سال 2003 میں پاکستان بنگلہ دیش کے درمیان سیریز کا میچ دیکھنے پہلی مرتبہ پنڈی اسٹیڈیم کا رخ کیا تھا' عماد وسیم**

لاہور (این این آئی) پاکستان اور زمبابوے کے مابین تین ون ڈے اور تین ٹی ٹوئنٹی میچوں پر مشتمل سیریز پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلی جائے گی۔ سیریز کے لیے اعلان کردہ ان 22 رکنی قومی اسکواڈ میں سے 6 کا ہوم گراؤنڈ بھی یہی میدان ہے۔ محدود طرز کی کرکٹ میں پاکستان کے نائب کپتان شاداب خان، فاسٹ بالرز حارث رؤف اور موسیٰ خان راولپنڈی کے رہائشی ہیں جبکہ تجربہ کار آل راؤنڈر عماد وسیم اور وکٹ کیپر بیٹسمین روحیل نذیر کا تعلق اسلام آباد سے ہے۔ اٹک کے رہائشی حیدر علی نے بھی اپنے زیادہ تر ہوم میچز راولپنڈی میں ہی کھیلے ہیں۔

## امت مسلمہ اپنے نبی کی خاطر جان دینے کیلئے تیار ہے اور کوئی بھی ادنی سے ادنی مسلمان اس حرکت کو برداشت نہیں کر سکتا، عبدالقیوم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) غزالی ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام صدر الحاج عبدالقیوم کاکڑ کی قیادت میں فرانس میں نبی کریم کے خاکے بنانے کے خلاف پیر کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین سے عبدالقیوم کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فرانسیسی صدر نے ہمارے نبی کریم کے خاکے بنا کر ہماری غیرت ایمانی کو للکارا ہے اُنکی یہ حرکت مسلمانوں کیلئے ناقابل برداشت ہے اور اُنکی اس حرکت سے پوری امت مسلمہ میں بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

# موجودہ حکمرانوں نے عوام کو مہنگائی، بے روزگاری کے سوا کچھ نہیں دیا، علی مدد جتک

**حکمرانوں کے خلاف لاکھوں کی تعداد میں لوگ سڑکوں پر نکل کر احتجاج کر رہے ہیں انہیں اخلاقی جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے مستعفی ہوجانا چاہیے**

**نااہل اور سلیکٹڈ وزیراعظم کہتے تھے کہ اگر میرے خلاف پانچ سو لوگ بھی نکل آئے تو میں استعفی دیدوں گا، صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری شریف خان خلجی، صوبائی کونسل کے ممبر میر ریاض شاہوانی، کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، میڈیا سیل کے انچارج حیات خان اچکزئی، سعید آغا اور ملک ذیشان نے گوجرانوالہ، کراچی اور کوئٹہ کے جلسوں میں تینوں صوبوں کے بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

## ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر واشک مستونگ ڈاکٹر سردار امیر محمد لہڑی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کیا

مستونگ (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر واشک مستونگ ڈاکٹر سردار امیر محمد لہڑی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مستونگ ڈاکٹر سردار امیر محمد لہڑی نے شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال مستونگ میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

## گل رحمن گریڈ 21 کے آفیسر پاکستان کسٹمز کو چیف کلیکٹر کسٹمز بلوچستان مقرر کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ایف بی آر کے ایک آرڈر کے مطابق گل رحمن گریڈ 21 کے آفیسر پاکستان کسٹمز کو چیف کلیکٹر کسٹمز بلوچستان مقرر کیا گیا۔ اس سے پہلے وہ ڈائریکٹر جنرل ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریفارمز آٹومیشن کسٹمز اسلام آباد بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

نصیرآباد، کمشنر عابد سلیم قریشی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

## اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو غیر جانبدار رہنے میں ناکام رہے ہیں' ملک سکندر خان ایڈووکیٹ

**جس طرح ایوان میں یک طرفہ کارروائی چلا کر کے ایوان کے تقدس پامال کیا گیا اسکی مثال نہیں ملتی لہٰذا اسپیکر اخلاقی طور پر مستعفی ہو جائیں' اپوزیشن لیڈر**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو غیر جانبدار رہنے میں ناکام رہے ہیں جس طرح ایوان میں یک طرفہ کارروائی چلا کر کے ایوان کے تقدس پامال کیا گیا اسکی مثال نہیں ملتی لہٰذا اسپیکر اخلاقی طور پر مستعفی ہو جائیں بصورت دیگر اپوزیشن ہر اجلاس میں انکے خلاف احتجاج کریگی ، یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی ،نصر اللہ زیرے، بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

## بی اے پی خواتین کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، ثوبیہ کرن کبزئی

**بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیر اعلی جام کمال خان کی کوششوں سے ترقیاتی کام زمین پر نظر آرہے ہیں جو مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہے، سابق صوبائی وزیر**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر ثوبیہ کرن کبزئی نے کہا ہے کہ بی اے پی خواتین کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے ،بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیر اعلی جام کمال خان کی کوششوں سے ترقیاتی کام زمین پر نظر آرہے ہیں جو مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہے ۔یہ بات انہوں نے پیر کو ملاقات کرنے والی خواتین کے ایک وفد بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

## فرانسیسی سفیر کی دفتر خارجہ میں طلبی، پاکستان کا گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر شدید احتجاج

**اسلام کو دہشت گردی سے مساوی کرنے اور سیاسی فوائد کے لئے انتہائی پریشان کن بیانات پر تشویش ہے، ترجمان دفتر خارجہ**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے فرانسیسی سفیر کی دفتر خارجہ طلب کر کے گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر شدید احتجاج کیا ہے ۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق فرانسیسی سفیر کو اسپیشل سیکرٹری یورپ نے احتجاجی مراسلہ حوالے کیا۔ فرانس میں گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر دفتر خارجہ کی جانب سے شدید احتجاج کیا گیا ۔خاکوں کی اشاعت کے بعد فرانس کے صدر کے گستاخانہ بیان پر بھی احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کی جانب بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

## برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 27 اکتوبر کو گوادر انڈسٹریل، گوادر اور پنجگور گرڈ اسٹیشنز سے صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک تیز خضدار گرڈ اسٹیشن کے ٹی 1 بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

## میٹرو ٹرین باقاعدہ آپریشنل ہوگئی، پہلے روز شہریوں کی اکثریت نے سیر کی غرض سے سفر کیا

**مسافروں نے ٹرین میں بیٹھ کر شہر خصوصاً تاریخی عمارات کا نظارہ کیا، موبائل سے ویڈیوز اور تصاویر بناتے رہے**

لاہور (این این آئی) اورنج لائن میٹرو ٹرین باقاعدہ آپریشنل ہوگئی، پہلے روز شہریوں کی اکثریت نے نئی چلنے والی ٹرین کے سفر سے لطف ہونے کی غرض سے سفر کیا۔ تفصیلات کے مطابق اورنج لائن میٹرو ٹرین میں سفر کرنے کے خواہشمند شہریوں کی بڑی تعداد صبح سویرے ہی اسٹیشنز پر پہنچ گئے۔ پہلی بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

## گستاخانہ خاکے لگانے پر فرانس سے تعلقات ختم، سفیر کو ملک بدر کیا جائے' پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع

**فرانس میں لگائے گئے توہین آمیز خاکوں کی وجہ سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں' متن**

لاہور (این این آئی) فرانس میں گستاخانہ خاکے لگانے کیخلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ امت مسلمہ فرانسیسی صدر کے رویے پر شدید غم وغصے بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

سبی، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سبی میں نالہ کے پانی داخل ہونے کا معائنہ کر رہے ہیں

## موجودہ صوبائی حکومت عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوشاں ہیں' کمشنر نصیر آباد ڈویژن

**دور دراز علاقوں کی عوام کو ان کی دہلیز تک سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام ممکن وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، عابد سلیم قریشی**

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوشاں ہیں دور دراز علاقوں کی عوام کو ان کی دہلیز تک سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام ممکن وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں پی پی ایچ آئی کی توسط سے ملک کے بڑے شہروں کے ماہر ڈاکٹروں سے دیہی علاقوں کی عوام کو طبی سہولیات کی فراہم کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ٹیلی ہیلتھ کلینکس کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے جس سے ملک کے ماہر ڈاکٹروں کے ذریعے عوام براہ راست مستفید ہو رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد کے دیہی علاقے میں محکمہ بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

## 70 سالوں سے اقتدار میں رہنے والوں نے عوام کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا، انجینئر عبدالمجید بادینی

**ترقی اور خوشحالی کے نام پر اربوں کھربوں ہڑپ کیے گئے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے' جماعت اسلامی بلوچستان**

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا ہے کہ 70 سالوں سے اقتدار میں رہنے والوں نے عوام کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا ترقی اور خوشحالی کے نام پر اربوں کھربوں ہڑپ کیے گئے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے پانی بجلی گیس نکاسی آب سمیت تعلیم اور صحت کے شعبے بھی تباہ حال ہیں ہمیں اب اپنی قسمت بدلنے کے لیے بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

# ہم پر ایک پائی کی چوری بھی ثابت کر دی جائی تو ہم سیاست چھوڑ دینگے، سردار یعقوب خان ناصر

**نواز شریف اور مقدمات میں درج رہنماؤں کا دامن صاف ہے' پچیس اکتوبر کے کامیاب جلسہ عام پر صوبے کے عوام اور پی ڈی ایم رہنما مبارکباد کے مستحق ہیں**

**عوام نے ثابت کر دیا وہ ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی و بالادستی چاہتے ہیں، مہنگائی کے خلاف سڑکوں پر نکلے ہیں، مرکزی سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن**

کراچی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون قطر کے قونصل جنرل مشال محمد الانصاری سے ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے پچیس اکتوبر کے کامیاب جلسہ عام پر صوبے کے عوام اور پی ڈی ایم رہنماء مبارکباد کے مستحق ہیں، عوام نے ثابت کر دیا کہ وہ ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی و بالادستی چاہتے ہیں اور مہنگائی کے خلاف سڑکوں پر نکلے ہیں انہوں نے کہا کہ ملک میں میڈیا پر پابندی ہے جس سے ہمارا پیغام درست طریقے سے عوام کو پہنچنے میں مشکلات درپیش ہیں ملک میں آمرانہ طرز حکمرانی ہے جسکے خلاف پی ڈی ایم نے تحریک شروع کی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے جلسے کو بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

## صوبے بھر میں منشیات فروشوں اور پے منٹ مافیا کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے، نوجوانان اتحاد کے رہنما جاور مسلم تجمل خان

کوئٹہ (این این آئی) نوجوانان اتحاد کے رہنما جاور مسلم تجمل خان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے بھر میں منشیات فروشوں اور پے منٹ مافیا کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے ۔ یہ بات انہوں نے محمد حنیف ،مولوی احسان اللہ ،سعد اللہ ،ظاہر شاہ ،جمعہ خان ،عبداللہ ،حیات اللہ اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

## بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر اپنے ناجائز تسلط کو مزید سخت کر رہا ہے، وفاقی وزیر امور کشمیر

**کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین پامالی کے حوالے سے بین الاقوامی تقریری مقابلے کا انعقاد قابل ستائش ہیں**

**کشمیریوں کے حقوق سلب کرنے سے بھارتی مذموم سازش کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے، علی امین گنڈا پور**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈہ پور نے کہا ہے کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر اپنے ناجائز تسلط کو مزید سخت کر رہا ہے، کشمیریوں کے حقوق سلب کرنے سے بھارتی مذموم سازش کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے۔ وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان علی امین خان گنڈہ پور نے بین الاقوامی ورچوئل تقریری مقابلوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

# بڑے پیمانے پر سرمایہ کار بلوچستان آنے کیلئے تیار ہے، فرمان زرکون

**ذریعے کاروبار کی رجسٹریشن، لینڈ لیز، ٹیکس ادائیگی، متعلقہ محکموں سے دستاویزات لائسنس اور این او سی کا حصول اور دیگر سہولیات و معلومات اب ون ونڈو آپریشن کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہیں**

**ذریعے کاروباری افراد اور سرمایہ کاروں کو ایک چھت کے نیچے تمام سہولیات اور معلومات میسر ہونگی، یہ سیل باقی صوبوں میں پہلے سے موجود تھا جس کی بلوچستان میں بہت ضرورت تھی' سرمایہ کاری بورڈ**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے کاروبار میں آسانی سے متعلق عالمی معیار کے (Ease of Doing Business Cell) کا اجراء کر دیا گیا ہے جبکہ بہت جلد کوئٹہ میں ایک سہولت مرکز قائم کیا جارہا ہے جس سے بزنس کمیونٹی کو انکی دہلیز پر سہولیات مل سکیں گی ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے تیار کیے گئے بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

مرحوم بسم اللہ جان لونی سید نصر اللہ شاہ پیچی کو ایک یادگاری شیلڈ دیتے ہوئے

## اپنے قیام کے ایک سال کے دوران کاسی قومی اتحاد نے عوام کے بہت سے مسائل حل کئے ہیں، سیٹھ ملک ظفر کاسی

کوئٹہ (این این آئی) کاسی قومی اتحاد کے صوبائی صدر سیٹھ ملک ظفر کاسی اور ارباب زمان کاسی نے کہا ہے کہ کاسی قومی اتحاد صوبے میں آباد برادر اقوام میں نفرتوں کے خاتمے اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کام کر رہا ہے، اپنے قیام کے ایک سال کے دوران کاسی قومی اتحاد نے عوام کے بہت سے مسائل حل بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

## پنجگور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ایڈیشنل پولیو مہم کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر پنجگور امجد حسین سومرو نے کر دیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ایڈیشنل پولیو مہم کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر پنجگور امجد حسین سومرو نے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر پنجگور امجد حسین سومرو نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ایک بچے بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

## ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے' ڈپٹی کمشنر سبی

**پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرہ پلا کر پانچ روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا**

سبی (خ ن) ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرہ پلا کر پانچ روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا ہے، ضلع بھر میں 45 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں جائیں گے ،والدین ،سول سوسائٹی ،قبائلی عمائدین ،این جی اوز اور علماء کرام پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کا افتتاحی تقریب سے خطاب تفصیلات کے مطابق ضلع سبی میں آج سے پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے جو 30 اکتوبر 2020 تک جاری رہے گا۔

## پاکستان اور زمبابوے کے مابین کھیلے گئے ون ڈے میچوں میں زیادہ رنز بنانے کا اعزاز پاکستان کے محمد یوسف کے پاس

لاہور (این این آئی) پاکستان اور زمبابوے کے مابین کھیلے گئے ون ڈے میچوں میں زیادہ سے زیادہ رنز بنانے کا اعزاز پاکستان کے محمد یوسف کے پاس ہے ،انہوں نے 24 میچوں کی 22 اننگز میں 78.73 کی اوسط سے 1033 رنز بنائے جن میں 3 سنچریاں اور 7 نصف سنچریاں شامل ہیں انکا زیادہ سے زیادہ انفرادی سکور 141 رنز ناٹ آؤٹ ہے۔دوسرے نمبر زمبابوے کے گرانٹ فلاور نے 30 میچوں کی 28 اننگز میں 84.34 کی اوسط سے 906 رنز بنائے جن میں ایک سنچری اور 6 نصف سنچریاں شامل ہیں۔

## وزیر اعلی سندھ سے چیف نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کی ملاقات

**ماہی گیروں کے بچوں کو نیوی میں مواقع ملنے چاہئیں، ان کو نیوی میں لا کر اس تعلق کو مزید مضبوط کیا جاسکتا ہے، وزیر اعلی سندھ**

کراچی (این این آئی) وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ سے پیر کو پاکستان کے چیف نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر اعلی سندھ نے نئے نیول چیف کو اہم عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی، نیول چیف نے مبارکباد دینے پر شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلی سندھ نے نیول چیف کو کہا کہ یہ اعزاز کی بات ہے کہ آپ کا تعلق سانگھڑ سندھ سے ہے۔ آپ کا نیوی کے اعلی مقام پر پہنچنا ہمارے نوجوانوں کیلئے انسپائریشن کی بات ہے۔ ہمیں اپنی تعلیم کے نظام کو مزید بہتر کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ماہی گیروں کے بچوں کو نیوی میں مواقع ملنے چاہئے۔

وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری زاہد سلیم وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے افسران کے ہفتہ وار کوارڈینیشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## اداکارہ چاہت شیخ نے جنوبی پنجاب میں ڈیرے ڈال لئے

**پرستاروں کی محبت یہاں کھینچ لائی، جو مقام حاصل ہے انہی کی وجہ سے ہے' گفتگو**

لاہور (این این آئی) اسٹیج کی نامور اداکارہ چاہت شیخ نے جنوبی پنجاب میں ڈیرے ڈال لئے ۔چاہت شیخ دریا خان اور ملتان میں پرفارم کرنے کے بعد چنیوٹ میں اپنے فن کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔ چاہت شیخ نے کہا کہ پروڈیوسرز جب بتاتے ہیں کہ آپ کے پرستار آپ کا ڈرامہ دیکھنا چاہتے ہیں تو دل خوشی سے باغ باغ ہوجاتا ہے۔

## شہباز شریف، حمزہ شہباز کو (آج) احتساب عدالت میں پیش کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد شہباز شریف اور پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز شریف کو آج (منگل) احتساب عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

## آج کے دور میں سفید پوش معاشرے کا سب سے پسا ہوا طبقہ ہے' شبیر جان

**یہ لوگ تکلیف کو برداشت کر لیتے ہیں لیکن کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے**

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار شبیر جان نے کہا ہے کہ سفید پوش معاشرے کا سب سے پسا ہوا طبقہ ہے کیونکہ یہ لوگ تکلیف تو برداشت کر لیتے ہیں لیکن کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے ، ہمیں ایسے لوگوں کی اس انداز میں مدد کرنی چاہیے کہ ان کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور یہ فنی خوشی مدد لینے پر راضی ہو جائیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہر کسی کو اپنے اردگرد رہائش پذیر لوگوں کے حالات کے بارے میں معلوم ہوتا ہے۔

# ملک میں خارجہ اور داخلہ پالیسیاں ناکام ہوچکی ہیں، جے یو آئی

**موجودہ حکومت عوام کے ووٹوں سے برسر اقتدار نہیں آئی بلکہ اسے ہم پر کہیں اور سے مسلط کیا گیا یہ سلیکٹڈ حکومت ہے عوام کی نمائندگی کا حق انہیں حاصل نہیں ہے**

**مسلمانوں کا غم وغصے کا اظہار ہے اسلام تشدد کے خلاف ہے لیکن مغرب اور فرانس کو بھی ہمارے دین اور پیغمبر ﷺ کے حوالے سے احتیاط کرنا ہوگا، سابق وفاقی وزیر**

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے مرکزی رہنماء سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کے ووٹوں سے برسر اقتدار نہیں آئی بلکہ اسے ہم پر کہیں اور سے مسلط کیا گیا یہ سلیکٹڈ حکومت ہے عوام کی نمائندگی کا حق انہیں حاصل نہیں ہے تب نیازی گٹھ جوڑ سے اصل احتساب کا چہرہ مسخ ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ پچیس اکتوبر کے تاریخی جلسہ عام نے پی ڈی ایم پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کر دیا ہے اب حکومت کو ہر صورت جانا ہے بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

بلوچستان کسٹم انٹیلی جنس کے چھاپے کے دوران پکڑی جانے والی غیر ملکی ادویات، اے سی، ایل سی ڈی، ٹائر و دیگر اشیاء شامل ہیں

## دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کریں تو خوشیاں خود بخود آپ کی جھولی میں آجائیں گی' ماریہ واسطی

**جس کو خدا عزت دے تو سب کا فرض ہے وہ بھی اس کی عزت کریں' اداکارہ کی انٹرویو میں گفتگو**

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ماریہ واسطی نے کہا ہے کہ دنیا میں سچے اور کھرے لوگوں کی کمی ہوتی جا رہی ہے، انسان اپنے اخلاق اور کردار سے مقام بناتا ہے، دوسروں کے لئے آسانیاں پیدا کریں تو خوشیاں خود بخود آپ کی جھولی میں آجائیں گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انسانی تاریخ میں فتح ہمیشہ حق اور سچ کی ہوئی ہے ، جھوٹ کتنا بھی خوبصورت ہو ہار ہمیشہ اس کا مقدر رہی ہے۔

## کنٹرول لائن کے دونوں اطراف اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری (آج) یوم سیاہ منائینگے

**پاکستان کے مختلف مقامات پر بھی اس دن کی مناسبت سے تقریبات کا اہتمام کیا جائیگا ، ریلیاں نکالی جائینگی**

لاہور (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں اطراف اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری عوام آج (منگل) یوم سیاہ منائیں گے۔ اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کا مقصد عالمی برادری کو یہ پیغام دینا ہے کہ وہ اپنے مادر وطن پر غیر قانونی اور غاصبانہ بھارتی قبضے کو مسترد کرتے ہیں۔ یوم سیاہ منانے کی اپیل کل جماعتی حریت کانفرنس ،حریت فورم اور دیگر آزادی پسند تنظیموں نے دی ہے۔ اس دن کی مناسبت سے بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں مکمل ہڑتال ہوگی۔

## میرے پرستار ہر جگہ موجود ہیں، عزت افزائی پر اہلیان راولپنڈی کی مشکور ہوں' پلک رانا

**کسی سے کوئی مقابلہ نہیں ،صرف اپنے کام پر توجہ مرکوز رکھتی ہوں' اسٹیج کی اداکارہ کی گفتگو**

راولپنڈی (این این آئی) اسٹیج کی نامور اداکارہ پلک رانا نے کہا ہے کہ عزت افزائی پر اہلیان راولپنڈی کی مشکور ہوں۔ پلک رانا ان دنوں ریالٹو تھیٹر راولپنڈی میں پرفارم کر رہی ہیں۔ اداکارہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے پرستار ہر جگہ موجود ہیں اس لئے ہر جگہ پرفارم کرنے جاتی ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ریالٹو تھیٹر میں ''کڑی نکھرے والی'' کا آئٹم سانگ کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا کسی سے مقابلہ نہیں ہے بلکہ میں ساری توجہ اپنے کام پر رکھتی ہوں۔